مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

مارچ 2017

تحفۂ روحانیات

روحانی ماہنامہ

پاکستان میں دہشت گردی اور بیرونی مخالفت

عمل شمشیر مومن

ہبوط عطارد

اعمال نوروز

اعمال دست غیب

عمل ہمزاد نورانی

حقیقت کالا جادو

جادو اور جنات کا خاتمہ

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

لوح اوج زحل

قوت طاقت اور روحانیت کا سمندر

29 سال بعد سوئی ہوئی قسمت کو جگانے کا نایاب موقع

آپ کا برج کوئی بھی ہو **لوح اوج زحل** آپ کو یقینی فائدہ دے گی

وہ لوگ جو کہ اپنے آپ کو دنیا کا بدنصیب آدمی سمجھتے ہیں یا جن سے خوشیاں منہ موڑ چکی ہیں یا جو زحل کی نحوست اور ساڑھ ستی سے پریشان ہیں وہ افراد جو کہ بادشاہ سے فقیر بن چکے ہوں۔ مالی تنگی دور کرنے کیلئے، افلاس و پریشانی ختم کرنا، لڑائی جھگڑا ختم کرنا، روحانی ترقی میں اضافہ، امراض روحانی و جسمانی سے نجات، کالا و سفلی جادو، جنات و آسیب تعویزات سے نجات، دشمنوں کے کالے علم کے حملوں سے نجات پانے کیلئے لوح اوج زحل خاص کردار ادا کرتی ہے۔ یہ وقت عام انسان کی زندگی میں ایک یا دو بار آتا ہے۔ اپنی اور اہل خانہ خصوصاً اولاد کی قسمت جگانے کیلئے اور درج بالا پریشانیوں سے نجات پانے کیلئے لوح اوج زحل خاص طور سے تیار کروائیں۔ یہ قیمتی لوح آپ اپنے دوستوں کیلئے تیار کروا کر تحفتاً ارسال کر سکتے ہیں۔ وہ والدین جو کہ اپنی بچیوں کو سسرال میں خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں، لوح اوج زحل تیار کروا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اسی وقت طلسم اوج زحل خاص نگینہ پر تیار کیا جائیگا۔

(**ضروری بات**) تمام الواح ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے دست مبارک سے تیار کی جاتی ہیں اس میں کسی قسم کی مشین یا پریس سے کام نہیں لیا جاتا، درست لوح وہی ہوتی ہے جو کہ صاحب علم خود اپنے ہاتھ سے تیار کرے۔

گزشتہ برس تیار کی جانے والی نگینہ اور لوح اوج زحل حاصل کرنے والے تمام قارئین کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے یہ الواح اور نگینہ جات حاصل کرنے کے بعد زندگی میں سکھ کا سانس لیا ان روحانی تحائف کی برکت سے ان تمام احباب کی زندگی خوشیوں سے بھر گئی ایسے تمام دوستوں کے روزانہ پیغامات موصول ہوتے ہیں جو کہ اب اپنی خوشگوار زندگی گزار رہے ہیں۔ اگر آپ بھی کسی نحوست میں گرفتار ہیں اور اپنی زندگی کو خوشیوں میں بدلنا چاہتے ہیں۔ تو فوری نگینہ یا لوح اوج زحل مکتبہ روحانیات سے منگوا کر اس کے روحانی فیض سے درج بالا پریشانیوں سے نجات پا سکتے ہیں۔

لوح اوج زحل
ھدیہ 4200 روپے

لوح اوج زحل خاص
ھدیہ 7200 روپے

لوح اوج زحل بہت خاص
ھدیہ 9200 روپے

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 12 مارچ 2017ء شمارہ نمبر 9

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل ڈائریکٹر
عابد کمالوی محکمہ تعلقات عامہ
(ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ ایکسپریس)
ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)۔ بابا صدف انبالوی، منظور علی سموں، ماسٹر شوکت علی بروہی
علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
جنات کی روحانی واردات	03	دعائے سیفی عمل مجرب	20
پاکستان میں دہشت گردی	05	دست غیب	21
ستاروں کی چال وظیفے کا کمال	07	حروف تہجی کے عملیات	22
ہبوط عطارد، نوروز عالم افروز	08	مجرب حاضرات	24
تحویل آفتاب، عمل شمشیر مومن	10	نایاب رمل	26
جادو اور جنات کا خاتمہ	11	حقیقت کالا جادو	28
برائے حاجت روائی	12	سبزیوں کی افادیت	30
نوروز عالم افروز	13	طب شفاء	31
سورۃ فاتحہ کا عمل	14	یہ ماہ کیسا رہیگا	32
آسان مجرب اعمال	15	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	39
مستحصلہ عجیب	16	روزانہ کے لکی نمبر	40
حسد	17	مارچ کے لکی نمبر	41
عمل ہمزاد نورانی	18	پیغامات	44
حاضرات کی دُنیا	19	قلمی دوستی	47

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فارایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 720/ روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آہستہ پابنہ کہ ملک سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بَعَدَ دَالْمُزَّمِّل وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

جمادی الثانی، زکات سورۃ مزمل

نوچندا جمعرات یا اتوار کو بوقت تہجد اٹھیں پہلے وضو پھر غسل اور پھر وضو کریں۔ اس کے بعد نماز تہجد ادا کریں 313 بار کلمہ استغفار ورد ادا کرنے کے بعد 1 تسبیح درود مزمل اور 41 بار سورۃ مزمل پڑھی جائے۔ اس تعداد میں روزانہ 3 عدد کی کمی کرتے جائیں مثلاً پہلے روز 41 دوسرے روز 38 تیسرے روز 35 بار بالترتیب کم کرتے ہوئے 7 روز تک اس کا ورد کریں آخری یوم حسب توفیق شیرینی تقسیم کریں۔ یہی عمل ہر ماہ نوچندے جمعرات یا اتوار کو کیا جائے تو اس سورۃ مبارکہ کی زکات ادا ہوگی۔ فضائل روحانی برکات اور تجلیات اس شخص پر افشاں ہونگے۔

قسط 33

جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام جنات بھوت پریاں چڑیل اولیاء اللہ اور بزرگان دین شہداء کشف القبور موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم دوستو! جنات ایسی مخلوق ہے جس کے بارے میں بہت سی پراسرار کہانیاں مشہور ہیں مگر مجھے حیرت تو اُس وقت ہوئی جب ایک رسالہ کے چند صفحات میرے ہاتھ لگے، صاحب رسالہ نے جنات بارے ذاتی واقعات اس طرح سے بیان کئے جنہیں پڑھ کر کوئی بھی صاحب علم یا روحانیت سے دلچسپی رکھنے والا ایک معمولی سا طالب علم بھی اُنکے جھوٹ کو سمجھ سکتا ہے۔ اس بارے کئی ایسے دوستوں سے بات چیت ہوئی جب انہوں نے اُس رسالہ کے وہ واقعات پڑھے تو ایک صاحب نے شدید غصہ کی حالت میں کہا کہ جی چاہتا ہے کہ اُس شخص پر جوتا گیلا کر کے برساؤں کہ یہ عام اور سادہ لوگوں کو کس طرح بیوقوف بنا رہا ہے اتنے بڑے بڑے دعوے اور ایسے ایسے واقعات جنات سے منسوب ہیں ایسے بیان کرتا ہے جیسا کہ اُس کے گھر کی بات ہو بہر حال عوام میں اتنا روحانی شعور ہونا چاہیے کہ سچ اور جھوٹ کی پہچان کر سکیں۔ تحفہ روحانیات نے کسی حد تک عوام میں روحانی شعور بیدار کیا لیکن اب بھی ضرورت ہے جتنا ہو سکے دوست احباب کو روحانی علم بارے درست معلومات دی جائیں اسی سوچ کے پیش نظر ماہنامہ تحفہ روحانیات، مزمل اور جعفریہ جنتری کے مضمون نویس حضرات کے درمیان باہمی رابطہ کو منظم کرنے کیلئے وٹس ایپ پر ایک گروپ تشکیل دیا گیا جس میں روحانی معالجین اور ماہرین حضرات کسی بھی موضوع بارے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔ ہم اپنے موضوع سے نہیں ہٹتے کیونکہ ماہنامہ تحفہ روحانیات کے صفحات قارئین کیلئے انتہائی قیمتی ہوتے ہیں۔

جیسا کہ قارئین کو معلوم ہے کہ جنات سے متعلق واقعات صرف اس غرض اور نیت سے پیش کئے جا رہے ہیں کہ روحانیت کا شعور عام لوگوں میں بھی بیدار ہو۔ چند ماہ قبل فیصل آباد سے ایک عقیدت مند نے رابطہ کیا اور کہا کہ لاہور اُن کی قریبی عزیزہ انتہائی پریشانی کی حالت میں ہے گھر میں عجیب وغریب قسم کے واقعات رونما ہو رہے ہیں کچھ سمجھ نہیں آتا کہ کیا کریں بہت سے روحانی معالجین سے علاج کی کوشش کی مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ اخباری نام نہاد عاملوں سے بھی رابطہ کیا مگر مسئلہ اپنی جگہ پر ہے کئی پیر فقیروں کے چکر لگا کر تھک گئے، کوئی حاصل وصول نہیں انہوں نے بتایا کہ بات دراصل یہ ہے کہ ہماری عزیزہ کے گھر میں کبھی تو عجیب وغریب قسم کی آوازیں آتی ہیں بلاوجہ بات پر جھگڑا شروع ہو جاتا ہے جس کا سرا ہی نہیں ملتا کہ بات کہاں سے شروع ہوئی اُن کی تین بہوئیں ہیں ایک کے ہاں اولاد ہے باقی دو لاولد ہیں وہ اپنی بہوؤں کی جانب سے بھی مایوس ہو چکی ہیں۔ خواہش کے باوجود بھی اپنے پوتے پوتیوں کا حصول نہیں کر پائیں گھر میں بیماری نے ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں بڑی بہو کم عمری میں بلڈ پریشر، شوگر اور دیگر نسوانی امراض میں مبتلا ہے۔ چھوٹی بہو کو اللہ تعالیٰ نے صرف ایک بیٹا دیا جبکہ سب سے چھوٹی بہو ابھی تک لاولد ہے گھر سے تعویزات، کالے علم یا کالی جادوئی طاقتوں کے شواہد اکثر و بیشتر ملتے ہیں۔ والدہ صاحبہ پر کالے علم کے جنات قبضہ کر لیتے ہیں جس وجہ سے اُنکی حالت غیر ہو جاتی ہے یہ خراب حالت تین سے چار روز تک رہتی ہے۔ معاشی طور پر انتہائی کمزور ہو چکے ہیں گھر میں سکون نام کی کوئی چیز نہیں بے برکتی، بے روزگاری اپنے عروج پر ہے۔ انکی قریبی عزیزہ سے بات کروانے کا کہا گیا جس پر وہ راضی ہو گئے دوران گفتگو تفصیل سے انہوں نے اپنے حالات بتائے۔ حالات بیان کرتے ہوئے وہ معمر خاتون اشک بار ہو گئی۔ ہچکیاں لیتے ہوئے اپنے اوپر بیتی تمام روداد سنا ڈالی کہ ہم انتہائی مجبور اور لاچار ہو چکے ہیں۔ کوئی راستہ نظر نہیں آتا جہاں پر بھی جاتے ہیں ہزاروں روپے ہم سے لے لیتے ہیں مگر کوئی بھی روحانی علاج اب تک کارگر ثابت نہ ہوا۔ بندہ احقر العباد ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے اُن سے وعدہ کیا کہ اپنی مکمل روحانی قوتوں کلام الٰہی کی برکت سے کوشش کی جائے گی کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ان شیطانی اور کالی قوتوں سے نجات دلائے۔

اُسی روز وظیفہ کی نیت سے سورۃ مزمل کا ورد 21 بار شروع کیا دوران ورد نیلے اور سیاہ رنگ کے چند نقطے جمع ہونا شروع ہو گئے۔ جو اپنی قوت کا بھر پور اظہار کر رہے تھے یہ تمام جنات شیطانی تھے متاثرہ خاتون کے جسم وروح اور گھر پر مسلط تھے دوران مراقبہ انکشاف ہوا کہ دشمن کی جانب سے کالے علم کا سہارا لے کر جنات اور ارواح بد تمام گھر کے افراد پر مسلط کر دیئے گئے ہیں۔ جس وجہ سے مذکورہ پریشانیاں اور مصائب اہل خانہ پر گزر رہے

ہیں۔ بعد ورد وظیفہ ایک سیاہ رنگ کا گولہ جس کے کناروں سے نیلے رنگ کی روشنی پھوٹ رہی تھی۔ بھیانک بلیاتی شکل میں ظاہر ہوئی۔ دوران مراقبہ اس نے بتایا کہ بہت سے لوگوں نے ہمیں ختم کرنے کی کوشش کی۔ کچھ بھاگ گئے اور کچھ کو ہم نے ختم کر دیا یعنی کہ وہ تمام لوگ آج تک پریشانی اور مصیبت میں خود مبتلا ہیں جنہوں نے ہمارے کام میں مداخلت کی۔ آپ کو بھی تنبیہ کئے دیتے ہیں کہ ہمیں پریشان نہ کریں اور ہمارا رستہ چھوڑ دیں۔

بندہ احقر العباد نے سورۃ الفلق والناس کا ورد مع تعوذ 21 بار شروع کیا اس ورد کی برکت سے تمام کالی قوتیں، جنات دم دبا کر بھاگ گئے۔ ان کالی طاقتوں اور جنات کو ختم کرنے کیلئے بکرا بطور صدقہ دیا گیا بخورات کا استعمال کرتے ہوئے سورۃ مزمل 21 بار پڑھی گئی، اس دوران یہ طاقتیں دوبارہ ظاہر ہوئی بتایا کہ ہم نے ان کے گھر کو تباہی کے دہانے تک پہنچایا ہے۔ بڑی بہو کو اولاد کی اُمید کئی بار ہوئی ہم نے اُسے ختم کر دیا یہی وجہ ہے کہ آج تک وہ لا اولاد ہے گھر میں خوف و ہراس ہم نے پیدا کیا ہوا ہے۔ رزق میں بے برکتی ہماری وجہ سے ہے گھر میں لڑائی جھگڑا، جسموں میں امراض ہم نے پھیلائے ہوئے ہیں۔ ان سے پوچھا گیا کہ تم ایسا کیوں کر رہے ہو؟ جواب دیا کہ ان کے بیٹوں سے رشتہ وہ شخص کرنا چاہتا تھا جس نے ہم کو مسلط کیا انہوں نے اُن کو ناپسند ظاہر کیا رشتہ کا جواب دے دیا۔ انتقاماً اُس شخص نے کالے علم کے ماہر ایک عیسائی سے رابطہ کیا جس نے ہمیں اپنی کالی طاقتوں سے قبضہ کیا ہوا ہے۔ وہ ہمیں مختلف قسم کی بھینٹ دیتا ہے ہمارا کام یہ ہے کہ ان کے گھر کو تباہ و برباد کر دیں۔ بندہ احقر نے تعوذ 7 بار با آواز پڑھا سورۃ مزمل کا ورد 21 بار شروع کیا وہ کالی طاقتیں اور جنات کمزور سے کمزور تر ہوتے گئے، ان کا مقدمہ جنات کی عدالت میں پیش کرنے کا ارادہ کر لیا۔ جیسا کہ گزشتہ اقساط میں جنات کی عدالت بارے مکمل ایک مضمون شائع کیا گیا تھا کہ کس طریقہ سے شہنشاہ جنات کی عدالت میں مقدمہ پیش کیا جائے اُن جنات کے خلاف جیسا کہ مذکورہ بالا متاثرہ خاتون کے ساتھ جناتی واقعات یکے بعد دیگرے پیش آ رہے تھے اور اُن کو کسی صورت نجات نہ مل رہی تھی۔

مقدمہ عدالت میں پیش کرنے کے تیسرے روز خاطر خواہ نتائج برآمد ہوئے اُس متاثرہ گھر کو عرصہ بعد انتہائی خوشی کا احساس ہوا لیکن اہل خانہ اب بھی ڈرے سہمے ہوئے تھے بارگاہ الٰہی میں بندہ احقر نے عرض کی کہ الٰہی ان لوگوں کا ایمان کمزور ہو چکا ہے۔ مختلف لوگوں کے پاس روحانی علاج کی غرض سے جانے کی وجہ سے، مسلسل ناکامی کی وجہ سے ان کے ایمان میں کمزوری آ چکی ہے۔ الٰہی عزت اور ذلت سب تیرے ہاتھ ہے میرا ایمان ہے کہ کلام الٰہی کی برکت سے انہیں ان کالی قوتوں اور جنات سے نجات مل چکی ہے لیکن یہ اسکا ظاہری مشاہدہ چاہتے ہیں کسی بھی طرح سے ان کو مشاہدہ کروا دیا جائے کہ جس سے ان کا یقین مضبوط ہو جائے اگلے روز اُن خاتون نے بذریعہ فون اطلاع دی کہ خواب میں وہ تمام جنات میں نے پہلی بار خود دیکھے۔ انتہائی مجبور اور لاچاری کی حالت میں تھے بار بار معافیاں مانگ رہے تھے ایک ہیولا جو کہ نورانی شکل میں تھا صرف آواز سنائی دی کہ بی بی اگر تم انکو معاف کرنا چاہو تو ہم انہیں چھوڑ دیتے ہیں بصورت دیگر شہنشاہ جنات کے حکم کے مطابق انہیں بجھا دیا جائیگا۔ یاد رہے کہ غلطی کی اصلاح میں جنات بارے وضاحت کی گئی تھی کہ جنات کو جلایا نہیں جاتا کیونکہ یہ آتشی (ناری) مخلوق ہے۔ آگ آگ کو کیسے جلا سکتی ہے۔ آگ کو ہمیشہ پانی سے بجھایا جاتا ہے۔ ان خاتون نے جواب دیا کہ میں انہیں معاف نہیں کرونگی ان کی وجہ سے ہمیں بہت سی تکالیف اٹھانا پڑی۔ اس کے بعد منظر ختم ہو گیا۔ اب میرا دل بہت مطمئن ہے طبیعت میں ہلکا پن محسوس کر رہی ہوں جسم پر دباؤ یا صحت کی خرابی کی کیفیت بھی نہیں ہے۔ بندہ احقر نے بارگاہ الٰہی دوبارہ دُعا کی کہ مالک و خالق کلام الٰہی کی برکت سے ان کی حفاظت فرما تا کہ یہ ہمیشہ کیلئے ان مصائب اور مشکلات سے نجات پا سکیں۔

دو روز بعد اس معمر خاتون نے دوبارہ فون پر اطلاع دی کے پرندہ طوطا کی شکل میں ہمارے گھر میں کوئی قوت ظاہر ہوئی ہے جسے پکڑ کر پنجرہ میں بند کر دیا ہے انہیں بتایا گیا کہ اللہ کی طرف سے یہ ایک معجزہ ہے جو کلام الٰہی کی برکت سے پیش آیا آپ سورۃ مزمل کا گھر میں ورد کروائیں۔ انشاءاللہ مزید بہتری ہوگی۔ چند اہل خانہ کے دل میں اس پرندہ بارے شکوک و شبہات تھے کہ یہ اتفاقاً گھر میں کہیں سے طوطا آن گرا ہے جسے روحانی قوت کا نام دیا جا رہا ہے اور یہ کیا ہماری حفاظت پر معمور ہے۔ اُنکے شکوک و شبہات کو دور کرنے کیلئے بارگاہ الٰہی میں دوبارہ دعا کی گئی بندہ احقر نے بذریعہ فون ان اطلاع دی کہ گھر کے چند افراد کے شکوک و شبہات دور کرنے کیلئے انشاءاللہ عنقریب ایک اور معجزہ رونما ہوگا اگلے روز بالکل ویسا دوسرا پرندہ صحن میں پایا گیا جسے اُسی پنجرہ میں بند کر دیا گیا۔ جس میں پہلا پرندہ موجود تھا۔ یہ دونوں روحانی قوتیں جو کہ بظاہر پرندے آج بھی لاہور میں اُسی گھر میں موجود ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے گھر میں برکتیں اور خوشحالی عطا فرمائی، کالے جادو، منحوس کالی طاقتیں اور جنات سے کلام الٰہی کے ذریعہ نجات مل گئی۔ یہ گھر آج بھی خوشیوں کے ساتھ آباد ہے دُعا ہے کہ اللہ اسی طرح خوشحال قائم دائم آباد رکھے شکر ادا کرتا ہوں کہ اس ذات پاک نے بندہ احقر کو وسیلہ بنایا۔

پاکستان میں دہشت گردی اور بیرونی مخالفت

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

محترم قارئین کرام ! پاکستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کا پاک فوج نے منہ توڑ جواب دیا۔ پاک افغان سرحد پر کاروائی کر کے ملک دشمن عسکری تنظیموں کے کئی ٹھکانے تباہ کر دیئے۔ **دراصل ہم دوسروں کی آگ میں خود جل رہے ہیں** اور ہمیں اپنے مقصد کی خاطر مختلف موقعوں پر مختلف طریقوں سے استعمال کیا۔ سپر پاور بننے والی روس کو ہمارے ذریعے ختم کروایا گیا اور پھر اُس کے بعد یکے بعد دیگرے ہمارا استعمال ایسے کیا گیا جیسے زر خرید غلام ہوں، بلا آخر اپنے تمام مقاصد جو کہ ہم سے لے سکتے تھے مقاصد پورے ہونے کے بعد دیوار سے لگانے کی مکمل کوشش کی گئی۔ سارے الزامات لگانے کے بعد ہمیں نشانہ بنائے جانے لگا۔ اس پوری کاروائی میں امریکہ اور بھارت نے بھرپور کردار ادا کیا پاکستان کو دہشت گرد ملک قرار دیا گیا ان دونوں ممالک کی جانب سے اسلامی ممالک میں دہشت گردی کے واقعات بہت منظم طریقہ سے انجام دیئے جاتے ہیں۔ دہشت گردی صرف پاکستان کا مسئلہ نہیں رہا بلکہ اسلامی ممالک اس کی لپیٹ میں زیادہ تر ہیں۔ **" اگر پتھر پھینکیں گے تو چھینٹے خود پر بھی آئینگے۔** بیلجیم، فرانس اور مشرق وسطیٰ بھی اس کے لپیٹ میں آئے۔ امریکہ اور یورپ کی سرپرستی میں بھارت بڑے منظم طریقہ سے دہشت گردی پھیلا رہا ہے۔ گزشتہ دنوں لاہور اور سیہون شریف میں ہونے والے بم دھماکوں میں براہ راست بھارت کا اہم کردار ملا۔ جو کہ افغانستان میں موجود پاک دشمن تنظیموں کے ذریعے انجام دیئے گئے۔ **امریکہ اور بھارت دونوں ممالک ایشیاء کی ترقی کا راستہ روکنا چاہتے ہیں** بلاشبہ اقتصادی راہداری ایک عظیم منصوبہ ہے۔ جس سے ایشیاء کی ترقی کا دروازہ کھلتا ہے۔ بھارت ترقی میں بڑی رکاوٹ ہے اس کی سرپرستی امریکہ کی طرف سے جارہی ہے۔ سی پیک منصوبہ کو ناکام بنانے کیلئے ملک دشمن عناصر بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ اقتصادی راہداری کے منصوبہ سمیت پاک ایران گیس پائپ لائن دونوں ممالک کیلئے ایک بڑا اہم منصوبہ ہے۔ اسی ضمن میں ایران اپنا کام مکمل کر چکا ہے پاکستان کو اپنے علاقہ میں گیس پائپ لائن بچھانی ہے۔ امریکہ اور بھارت کی کوشش ہے کہ یہ دونوں منصوبے ناکام بنائے جائیں اگر یہ منصوبے مکمل ہو گئے تو پاکستان کو ایشیاء کی ترقی میں مرکزی کردار ادا کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ پاکستان کی سول اور عسکری قیادت دوست اور دشمنوں کو خوب جانتی ہے۔ ان دشمن عناصر کو ختم کرنے کی بھرپور کوشش اور منصوبہ بندی کی جارہی ہے یہی وجہ ہے کہ **پاکستان کے نئے سپہ سالار جنرل قمر جاوید باجوہ نے دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے کا عزم کیا ہوا ہے** ۔ اسی عزم کے پیش نظر اگر تمام دینی و سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لے کر سنجیدہ عملی اقدام کئے جائیں۔ یقیناً دہشت گردی سے نجات پائی جاسکے گی۔ گزشتہ ڈیڑھ دو سال سے پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں بہت کمی آئی ہے۔ پاکستان کا گراف اسٹاک ایکسچینج مارکیٹ میں بلند ترین سطح تک پہنچ گیا جسے دیکھ کر پاکستان کے دشمن ممالک اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھے، یہ تمام دشمن دہشت گردی کا بازار گرم کرنے کیلئے پھر سے منظم ہو گئے جیسا کہ 13 فروری بروز سوموار شام 06 بجکر 10 منٹ پر **لاہور بم دھماکہ** کیا گیا اسی روز **کوئٹہ میں فائرنگ** کی گئی جس میں دو پولیس اہلکار شہید ہوئے دوسری جانب **بھمبر سیکٹر میں بھارتی فوج نے کنٹرول لائن پر شدید گولہ باری کی** جس کے نتیجہ میں 3 پاکستانی فوجی شہید ہوئے۔ 16 فروری بروز جمعرات **سہیون شریف میں بم دھماکہ کیا گیا** جس میں 88 معصوم افراد شہید ہوئے یہ تمام واقعات گواہی دیتے ہیں کہ بھارت پاکستان کے خلاف کھل کر سامنے آچکا ہے۔ کیونکہ پاکستان امن و امان کی فضاء قائم کرنا چاہتا ہے صحت مند کھیل کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے پی ایس ایل کا انعقاد کیا گیا یہ فائنل لاہور میں ہونا ہے اس لئے مال روڈ پر دھماکہ کروا کر پاکستان میں انٹرنیشنل کرکٹ کا راستہ روکنے کی کوشش کی گئی **پاکستان سپر لیگ کا فائنل لاہور میں رکھنے کی بنیادی وجہ یہ ہی ہے**

کہ آئندہ غیر ملکی ٹیمیں بھی پاکستان میں آئے ماضی میں سری لنکن ٹیم پر لاہور میں حملہ دشمنوں کی جانب سے اسی غرض سے کروایا گیا تھا کہ پاکستان میں انٹرنیشنل کرکٹ کے دروازے بند کئے جائیں لہذا دشمن اپنی چال میں کامیاب ہوگیا اور پاکستانی کرکٹ صرف متحدہ عرب امارت تک محدود رہ گئی تھی۔

انشااللہ ملک دشمن بیرونی قوتوں کو کامیابی نہ ہوگی۔ اُنکی سازشیں دھری کی دھری رہ جائینگی کیونکہ **آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے بھی اعلان کر دیا کے پی ایس ایل کا فائنل لاہور میں ہوگا ہم کھلاڑیوں کو مکمل سیکورٹی فراہم کریں گے۔** پاکستان بلا شبہ چاروں جانب سے خطرات میں گھرا ہوا ہے اعلیٰ انٹیلی جنس ایجنسیوں کے مطابق سی پیک پر بھی حملہ کا خطرہ ہے۔ دہشت گرد اپنے ناپاک منصوبوں کو مکمل کرنے کیلئے بے چین ہیں دہشت گردی کے یہ منصوبے کہاں بیٹھ کر بنائے جاتے ہیں اور پاکستان میں خوشحالی امن اور سکون کن بیرونی قوتوں کو تکلیف دیتا ہے یہ بات ہر پاکستانی کے علم میں ہے۔ امریکہ اور بھارت افغانستان کو اپنے ساتھ ملا کر ملک کے امن کو خراب کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ بھارت ہمیشہ سے پاکستان کے خلاف رہا اور آئندہ بھی رہیگا جس کا اعتراف اور اقرار مودی ڈھاکہ میں خود کر چکے ہیں۔ کہ انڈیا نے مشرقی پاکستان آج کا بنگلہ دیش کو پاکستان سے الگ کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ مودی جیسی ذہنیت اور سوچ رکھنے والے پاکستان دشمن پہلے بھی موجود تھے اور اب بھی موجود ہیں۔ جنہوں نے روز اول سے ہی پاکستان کے وجود کو تسلیم نہ کیا اس کے خلاف سازشیں کرتے رہے پسِ منظر کو دیکھا جائے بھارت ہر لمحہ پاکستان کے خلاف سازشیں کرتا آیا ہے اور موجودہ حالات اور واقعات کو کچھ بھارتی ذہن رکھنے والے دانشور بھارت کو اب بھی پاکستان کا دوست سمجھتے ہیں۔ اپنی جانب سے پاک بھارت تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مگر ایسا کیسے ممکن ہے کہ جب دوسری جانب سے کوئی مثبت جواب نہ دیا جائے بلکہ دھمکیاں مزید کاروائیوں تیز کر دی جائیں **بھارت کبھی اپنی ذہنیت نہیں بدل سکتا** اور پاکستان کو کبھی ترقی کرتا ہوا نہیں دیکھ سکتا۔ بلوچستان، گلگت بلتستان میں ہندوستان کی طرف سے سازشی جال بچھایا گیا اور ان دونوں صوبہ جات کو پاکستان سے الگ کرنے کی مکمل سازش اور کوشش کی گئی۔

چند ماہ قبل بلوچستان سے ہندوستانی جاسوس کُل بھوشن یادو کو گرفتار کیا گیا جس نے اعتراف کیا کہ وہ پاکستان دشمن سرگرمیوں میں ملوث رہا اسی بات کے پیش نظر اسلام آباد بھارتی سفارتکاروں کو ناپسندیدہ سرگرمیوں کی وجہ سے ملک بدر کر دیا گیا۔ لاہور بم دھماکے میں سیہون شریف میں معصوم لوگوں کا قتل، پاک بھارت سرحد پر پاکستانی فوجیوں کو شہید کیا گیا، پشاور میں ججوں کی گاڑیوں پر حملہ، فاٹا میں سیکورٹی اہلکاروں پر حملہ، کوئٹہ میں فائرنگ، مقبوضہ جموں کشمیر میں نہتے کشمیریوں پر ظلم اور زیادتی ان تمام واقعات کو دیکھتے ہوئے ہرگز نہیں کہا جا سکتا کہ **پاکستان، بھارت کے تعلقات میں کبھی بہتری نہیں آ سکتی ہے** اُس وقت تک کہ جب بھارت اپنے طرزِ عمل اور رویہ کو نہ بدلے۔ اسی صورت میں پاکستان میں امن و امان قائم ہو سکتا ہے۔ پاک چین اقتصادی راہداری منصوبہ انشااللہ جلد مکمل ہوگا۔ جو کہ پورے خطے کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کریگا۔ روس، ایران، عُمان، ترکی، جرمنی نے اس شراکت داری پر آمادگی ظاہر کی ہے سعودی عرب اس منصوبہ میں خصوصی دلچسپی لے رہا ہے دوسری جانب افغانستان کو بھی اس منصوبے کی اہمیت کا اندازہ ہے۔ افغانستان کی دلچسپی کو دیکھتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ افغانستان بھی سی پیک منصوبہ میں شامل ہو کر اس سے فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔ باقی بھارت رہ گیا ہے جو کہ اپنی ہٹ دھرمی کی وجہ سے بلا جواز اس منصوبہ کی مخالفت کر رہا ہے اس بارے میں بھارت نے پہلے چین کے ساتھ اپنے تحفظات کا اظہار کیا اب وہ امریکہ کو ساتھ ملا کر اقتصادی راہداری کے راستے کو روکنا چاہتا ہے انشااللہ دشمن کو ناکامی ہوگی اس کے تمام تر منصوبے خاک میں مل جائینگے۔ اپنی اس ناکامی کو دیکھتے ہوئے دشمن نے ملک میں دوبارہ دہشت گردی پھیلانا شروع کر دی۔ گذشتہ دہشت گردی کے واقعات سے متعلق بھارتی مداخلت کے ثبوت پاکستان میں اقوام متحدہ اور امریکی حکام کے حوالہ کئے۔ مگر کیا ہو سکتا ہے مشہور مثال ہے کہ چور کا گواہ خود دیواریں اور چھتیں پھلانگنے والا۔ اور پھر ایسا ہی ہوا کہ ابھی تک ان ثبوت کے پیش نظر پاکستان میں دہشت گردی سے متعلق بھارتی مداخلت کا نوٹس نہ تو اقوام متحدہ نے لیا اور نہ ہی امریکہ کی جانب سے بھارت پر کوئی دباؤ ڈالا گیا کہ وہ اپنے اوچھے ہتھکنڈوں سے باز آجائے۔ دُعا ہے کہ اس چمن وطن کو اللہ تبارک تعالیٰ ہر سازش و ناپاک منصوبے سے محفوظ رکھے (آمین)

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
منگل	07	09:31 تا 10:29	14:23 تا 14:21	مغرب	21:22 تا 22:23	جنوب

خاتمہ سحر بد

(**مقصد عمل**) سیاروں کی اس نظر میں سحر بد کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے یعنی کوئی بھی شخص جس پر کوئی کالا یا سفلی علم ہوا ہو اور وہ شخص مسلسل ناکامی مایوسی کا شکار ہو کہ لاکھ کوشش کے باوجود بھی اس جادو کا توڑ نہ ہو رہا ہو۔

(**عمل**) اس نظر میں سفید چینی کی پلیٹ پر مع تعوذ و تکبیر' آخری دو قل لکھیں زعفران کی سیاہی استعمال کریں اور آب زمزم سے اس پلیٹ کے نقش کو دھو کر بوتل میں محفوظ کر لیں اس پانی کو 14 روز بلا ناغہ عصر تا مغرب استعمال کریں پانی پینے کا طریقہ اس طرح ہو کہ **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ اللہ اکبر** اس کے بعد آخری دو سورۃ مبارکہ سورۃ الفلق' الناس پڑھ کر پھونک دیں پہلا گھونٹ پینے کے بعد 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور دوسرا گھونٹ پینے کے بعد پھر 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور تیسرے گھونٹ پر بھی 3 بار تعوذ اور تکبیر کا ورد کریں اس پانی کو مسلسل 14 روز تک استعمال کریں پانی پینے کے بعد دونوں ہاتھوں کو گیلا کر لیں اور پورے جسم پر پھیر لیں انشاء اللہ جلد جادو کے اثرات ختم ہونگے عمل کے آخری دن 720 روپے کی شیرینی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ نقش بنانے کے لیے 5296 کا مربع آتشی درج بالا طریقہ کے مطابق بنا کر استعمال کریں انشاء اللہ جلد ہی جادو کا توڑ ہوگا۔

عطارد تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
اتوار	12	08:33 تا 09:31	17:18 تا 18:16	مشرق	22:23 تا 23:24	جنوب مشرق

عمل شر

(**مقصد عمل**) یہ عمل شر ہے گذشتہ کئی بار ذکر کیا جا چکا ہے کہ عمل شر نہایت تیز اثر مگر خطرناک ہوتے ہیں ناجائز جگہ پر استعمال کئے جائیں تو اس کے نتیجہ میں خود عمل کرنے والے کو سزا بھگتنا پڑتی ہے۔ موکلات اور جنات جب تک عمل کرنے والے کو سزا نہ دیں سکون سے نہیں بیٹھتے۔ صرف اس جگہ کیا جائے جہاں جائز اور اشد ضرورت ہو۔ یہ عمل سخت ترین دشمن کو بیماری میں مبتلا کرنے کے لئے ہے۔

(**عمل**) قبرستان سے ایسی قبر کی مٹی جمع کی جائے کہ جو شخص حادثہ سے مرا ہو قبرستان کے نلکا سے پانی لے کر اس مٹی کو گوندھ کر دشمن کا ایک تصوراتی پتلا بنا لیا جائے۔ اب اس پتلے کو عمل کے وقت سامنے رکھ کر 80 بار سورۃ الہب بغیر بسم اللہ اور بغیر درود کے پڑھیں پتلہ پر پھونک دیں۔ دشمن کا تصور کیا جائے اس پتلے پر سوئی کی نوک سے 80 بار حرف ''ف'' لکھا جائے سینہ پر دشمن کا نام مع والدہ لکھا جائے پتلہ کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دبا دیں۔ گھر واپسی پر 800 روپے کی کوئی نمکین شے بچوں میں تقسیم کریں۔ عمل سے قبل حصار لازمی لگا لیں۔

شمس تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
ہفتہ	18	09:30 تا 10:25	13:22 تا 14:23	شمال	23:22 تا 00:22	مشرق

دشمن کو تکلیف

(مقصد عمل) سیاروں کی یہ نظر نحس مانی جاتی ہے اس خاص نظر کے تحت دشمن کو تکلیف میں مبتلا کرنا یا تباہ و برباد کرنا یا اُس پر پریشانی مسلط کرنا جیسے اعمال کئے جاتے ہیں۔ قارئین معمولی رنجش کی بناء پر عمل کرنے سے گریز کریں۔ باقی شرائط اعمال شر بارے احتیاط کریں۔

(عمل) متذکرہ بالا نظر کے تحت سورۃ الکوثر کچی مٹی کی اینٹ پر چاروں طرف تحریر کریں۔ آخری آیت کے آخر میں لفظ ابتر 3 بار لکھیں اور 3 بار دشمن کا نام لکھیں اگر دشمن کے جسم میں تیز حرارت اور بے چینی پیدا کرنے کا خیال ہو تو اس اینٹ کو دہکتی آگ میں رکھ کر 108 بار سورۃ مبارکہ کا ورد کریں اور اگر تباہ و بربادی کا خیال ہو تو بہتے ہوئے پانی میں ڈال کر سورۃ مبارکہ 80 بار پڑھیں۔ عمل کی رجعت سے محفوظ رہنے کیلئے تل اور شکر قبل از عمل قبرستان میں پھینک دیں۔

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

عطارد قران زہرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
ہفتہ	18	10:25 تا 12:24	17:21 تا 19:21	شمال		

پسند کی شادی

(مقصد عمل) اس عمل اور نظر سیارگان سے ایسے لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کسی بھی مطلوبہ شخص سے شادی کے خواہش مند ہوں یا ان کی شادی میں رکاوٹیں ہوں یا نکاح کی بندش کی گئی ہو۔ یہ عمل ایک طلسم پر مبنی ہے۔ طلسمات میں ایک خاص قوت ہوتی ہے جو کہ فوری اثر انداز ہوتے ہیں۔

(عمل) قبل از وقت چھوٹی مکھی کا شہد حاصل کر لیا جائے۔ اول 20 بار درود شریف + اسم "یاودود" کا ورد 4000 بار +20 بار درود شریف + 7 قطرے اپنے خون کے شہد میں حل کر کے رکھ لیں۔ جس شخص کو اپنے تابع کرنا ہو اس کو یہ شہد کھلا دیں ہمیشہ کے لئے مسخر ہو جائے گا ہر طرح کا حکم بجا لائے گا۔ اس عمل کو ناجائز ہرگز استعمال نہ کریں۔

عطارد مقابلہ مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	24	07:19 تا 08:20	14:23 تا 15:23	شمال مغرب	21:23 تا 22:23	شمال مشرق

تباہی عمارت دشمن

(مقصد عمل) آپ اس دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کر سکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دولت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آ چکے ہوں اور طاقتور شخص کے سامنے کمزور ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 9 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے ہوں یا خودکشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو۔ ان قبروں کی مٹی اکٹھی کر لیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 90 بار سورہ الہب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں اور پھر کسی بھی وقت وہ مٹی اس عمارت میں ایسی جگہ پر ڈال دیں کہ جس جگہ پر مٹی ڈالنے سے اُس کی بے حرمتی نہ ہو۔ روزانہ 80 بار سورہ الہب بعد نماز عشاء 8 روز تک بلا ناغہ پڑھیں۔ دوست جب اس عمل کو کرنے لگیں تو لازم ہے کہ سورہ الہب کا ترجمہ اور تفسیر پڑھ لیں دوران عمل مقصد اور دشمن کا تصور بھی کریں۔

زہرہ قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
ہفتہ	25	09:20 تا 11:21	16:24 تا 18:25	شمال مشرق	23:22 تا 01:21	شمال

بندش تسخیر

(مقصد عمل) اس نظر کے تحت کسی دولت مند شخص کی تسخیر باندھنے کیلئے یا جائز ملنے والوں کی جدائی کیلئے یا مسلط امراض دل و جگر کیلئے یہ عمل کئے جا سکتے ہیں لیکن عمل شروع کرنے سے قبل استخارہ لازمی کریں اگر ذیل کے عمل کو ناجائز استعمال کیا تو سخت رجعت کا خطرہ ہے۔

(عمل) تانبہ کی تختی پر **یا مذل یا منتقیم یا جبار یا قھار** کے عدد شمسی برآمد کریں۔ اسی طرح دشمن کے نام کے عدد شمسی بھی حاصل کریں۔ جس مقصد کیلئے نقش بنانا ہو اس مقصد کے عدد شمسی بھی برآمد کر کے ان میں قانون کے عدد 900 کا اضافہ کریں۔ کل مجموعہ اعداد کو مربع آتشی معکوس سے پُر کریں۔ سرخ کپڑے میں لپیٹ کر ریت سے بھرے ڈبہ کے درمیان رکھ کر آگ پر رکھ دیں یا تندور میں دفن کر دیں۔ انشاءاللہ مطلوبہ مقصد جلد حاضر ہوگا۔ ایک بار پھر تنبیہ کئے دیتا ہوں کہ درج بالا عمل معمولی رنجش کی بناء پر ہرگز استعمال نہ کریں۔ استخارہ کر کے عمل شروع کریں۔

عطارد تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	29	06:10 تا 07:12	13:22 تا 14:23	مغرب	22:23 تا 23:22	جنوب

دفع بندش نکاح

(مقصد عمل) اس عمل سے ایسے لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں کسی بھی مطلوبہ شخص سے شادی کے خواہش مند ہوں یا ان کی شادی میں رکاوٹیں ہوں یا نکاح کی بندش کی گئی ہو یہ عمل ایک طلسم پر مبنی ہے طلسمات میں ایک خاص قوت ہوتی ہے جو کہ فوری اثر انداز ہوتے ہیں

(عمل) سورہ مزمل دی گئی نظر میں 11 بار پڑھی جائے اور اس پانی میں آب زمزم ملا لیا جائے سیارگان کی اس خاص نظر میں کچی جگہ پر اس پانی سے یا تو وضو کر لیا جائے یا پھر غسل کیا جائے پہلے سے تیار شدہ پانی میں سے کچھ مقدار الگ کر کے رکھ دیں اس پانی پر روزانہ 3 بار سورہ مزمل اول آخر درود شریف 3 بار پڑھیں اسی پانی کو دن میں 3 بار 7 دن تک پئیں انشاءاللہ تعالیٰ نکاح کی بندش ختم ہو جائے گی اور جلد ہی رشتہ کا پیغام آئے گا

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے (ادارہ)

ادارہ روحانیات

سیارہ زہرہ

04مارچ14:08 سیارہ زہرہ برج حمل میں 13.08 درجہ پر رجعت پذیر ہورہا ہے اس سیارے کی یہ رجعت 15اپریل 15:17 کو برج حوت میں 26.54 درجہ پر ختم ہوگا۔

برج حمل اور برج حوت سے منسوب افراد اس دوران خصوصی احتیاط کریں خاص طور سے وہ لوگ جو کہ ابھی رشتہ ازدواج سے منسلک نہیں ہوئے۔ منگنی یا بت چیت کی حد تک سلسلہ ہے تو ایسے میں جنس مخالف سے معاملات خراب ہو سکتے ہیں۔ خصوصاً ایسی خواتین جن کا تعلق برج حمل سے محتاط رویہ اختیار کریں دوران رجعت زہرہ اُن کی منگنی یا نکاح ختم ہوجانے کا اندیشہ ہے۔ خاص طور سے وہ افراد جو کہ برج حمل سے تعلق رکھتے ہیں ان ایام میں شادی بیاہ یا نکاح نہ کریں۔ اس رجعت کے اثرات اُن کی زندگی پر گہرے مرتب ہونگے۔

ہبوط عطارد

اس ماہ سیارہ عطارد ہبوطی درجہ پر 05مارچ 2017ء 20 بجکر 18 منٹ تا 06مارچ 09 بجے تک رہیگا۔ عطارد ہبوطی نحس درجات پر ہوتا ہے اور اس وقت یہ اپنی سعد قوتیں کھودیتا ہے۔ سیارہ عطارد سے منسوب تمام مثبت امور منفی رجحان دیتے ہیں بالخصوص عزیز و اقارب میں اختلافات، اولاد کی جانب سے بری خبریں، ذہنی دباؤ میں اضافہ، منتشر خیالی، پاگل پن، بیرون ملک سفر میں رکاوٹوں کو جنم دیتا ہے۔ ان نحوستوں سے بچنے کیلئے پانچ رنگ کے اناج پرندوں کو ڈالیں یا پانچ کلو باجرہ پرندوں کو ڈالیں۔ خاص طور وہ وہ افراد جن کا تعلق برج جوزا اور سنبلہ سے ہے ضرور صدقہ دیں۔

نوروز عالم افروز

نور روز عالم افروز 20مارچ 2017ء بروز سوموار 15 بجکر 30 منٹ پر ہوگا۔ اس دوران شمس برج حمل کے صفر درجہ پڑ ہوتا ہے۔ شاکا تقویم کے مطابق نئے سال 1939 کا آغاز ہوگا اس نئے شاکا سال کی ابتداء میں بوقت نوروز سوا کلو گندم سوا کلو باجرہ اور سوا کلو سوجھی پرندوں اور حشرات الارض کو ڈالی جائے تو مکمل سال آفات، بلیات اور مصیبتوں سے محفوظ رہیں گے۔ نوروز عالم افروز پر جعفریہ اور مزمل روحانی جنتری 2017ء میں خاص مضامین شائع کئے گئے ہیں اس کے علاوہ ماہنامہ تحفہ روحانیات شمارہ مارچ میں بھی قارئین کیلئے بہت خاص مضامین کا اہتمام کیا گیا ہے۔

خاص اعمال جمادی الثانی

پہلی رات کو دو رکعت پڑھے اور جو کچھ قرآن شریف سے درست تلفظ کے ساتھ یاد ہو اُس کی تلاوت کرے اور سلام کے بعد کثرت سے استغفار کا ورد کرے۔ دسوت تاریخ کو بارہ رکعتیں چھ سلام پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد **لا یلاف** پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر سورۃ یوسف کی تلاوت کرے خدا تعالیٰ اس کو تنگدستی اور ہر طرح کے رنج و غم اور آفات زمانہ سے محفوظ رکھے گا ایضاً مہینے کے آخری دن 29یا30 کو مغرب کے بعد چار رکعتیں پڑھے اور سلام کے بعد صبح تک یا شمعلونی کی تسبیح پڑھتا رہے۔ تا

حالت قمر

قمر در عقرب: 15مارچ 20:10 تا 18مارچ 07:59

ہبوط قمر: 16مارچ 00:06 تا 03:06

قمر در ثور: 02مارچ 12:42 تا 04مارچ 15:05

قمر در ثور: 29مارچ 20:47 تا 31مارچ 21:40

شرف قمر: 02مارچ 16:04 تا 17:44

شرف قمر: 30مارچ 00:03 تا 01:41

شادی بیاہ کی تاریخیں

3.4.5.10.11.12.19.23.24.25.29.31

مختلف ذرائع سے رقم ارسال کرنے سے قبل ہدایت

1۔ جب بھی کسی ذریعہ سے رقم ارسال کرنا ہو اپنا مقصد لکھ کر بذریعہ ایس ایم ایس مطلع کریں۔

2۔ ایس ایم ایس کے آخر میں اپنا نام اور شہر ضرور تحریر کریں۔

3۔ لوح کا نام یا جس مقصد کے لئے آپ رقم ارسال کررہے ہیں وضاحت کریں۔

4۔ رقم وصول کرنے کے Pin Codes بذریعہ ایس ایم ایس ضرور مطلع کریں۔

5۔ ادارہ کے نمبر 0300-6351192 پر موبی کیش اور UBL OMNI یو بی ایل اومنی کے اکاؤنٹ کی سہولت ہے۔

6۔ ادارہ کے فون نمبر پر رقم ارسال کرنے کی اطلاع کا پیغام ارسال کریں۔

قارئین تحفہ روحانیات جب بھی کوئی نقش تحریر کریں تو نقش کی دوسری جانب طلسم لازمی بنائیں۔ **ادارہ روحانیات**

نو روز عالم افروز
وقت تحویل آفتاب اور عمل شمشیر مومن

تحریر:۔علامہ حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء (کراچی)

قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت میں پہلی بار نو روز کے موقع پر عمل کا تحفہ پیش خدمت ہے۔ پچھلے ماہ شرف قمر اور چاند و سورج گرہن کے خاص اعمال شائع کیے تھے جسے قارئین نے بہت پسند کیا۔ جو قارئین اصول و قواعد کے مطابق بنائیں گے تو فائدہ ضرور حاصل کریں گے میرا کام علم کی آگاہی ہے اب اس علم سے کس کو کتنا فیض حاصل ہوتا ہے یہ رب تعالیٰ کی حکمت پر مبنی ہے عزیزان من اس سال پاکستان سٹینڈرٹائم کے مطابق 20 مارچ بروز پیر بوقت دوپہر 03:30 پر سیارہ شمس اپنے شرفی برج حمل میں جلوہ افروز ہوکر 20 اپریل صبح 02:27 و 48 سیکنڈ تک قوت وضعف کے معیار کے مطابق اپنی شرفی کرنیں اہل زمین پر بکھیرے گا۔

قوت وضعف کی قید لگانے کا مقصد یہ ہے کہ اعمال کی اثر پذیری کا ظہور سیارگان کی مضبوط پوزیشن پر منحصر ہے **اھل عقل را اشارہ کافی است** بہرحال علمائے نجوم و جفر تحویل آفتاب کے وقت کو نہایت مبارک تصور کرتے ہیں اور علمائے فن اس وقت مختلف قسم کے اعمال تیار کرتے ہیں۔

قارئین کیلئے عمل شمشیر مومن کی تیاری کا آسان طریقہ حاضر خدمت ہے شمشیر تلوار کو کہا جاتا ہے اور مومن تلوار کو دہشت و شر پسندی کے لئے نہیں رکھتا بلکہ اپنی حفاظت کے لئے رکھتا ہے لہذا یہ آیت پاک **" حسبنا اللہ ونعم الوکیل "** مومن کی تلوار ہے ابی المواہب شاذلیؒ نے بڑی تفصیل کے ساتھ اس کا ذکر کیا ہے کہ اس آیت پاک کا عمل دشمنوں سے بچاؤ اور دعا کی قبولیت کے لئے ہے اور اس سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں اس آیت کے عدد 450 ہیں جو کہ مفرد کرنے پر کامل 9 عدد بنتا ہے۔

تحویل آفتاب کے موقع پر اس آیت کا تکسیری نقش زعفران سے بنالیں تحویل کے وقت پہلے دو رکعات نفل پڑھیں اور نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور 450 مرتبہ آیت پاک کا ورد روزانہ کریں اور اگر اتنی تعداد میں نہ کرسکیں تو 9 9 مرتبہ پڑھنا معمول بنالیں۔ انشاء اللہ عزت ۔ دولت ۔ برکت کاروبار۔ جسمانی و روحانی حفاظت ۔ رشتوں میں رکاوٹ۔ مقدمے میں کامیابی ۔ فتح و نصرت۔ غرض تمام مقاصد کے لئے مجرب نقش ہے۔ اگر تحویل آفتاب کے عین وقت پر یہ عمل نہ کرسکیں تو 21 مارچ دوپہر 03:30 تک کے درمیانی اوقات میں شمس کی سعد ساعات میں یہ عمل کرلیں۔ اس کے علاوہ ایک بہترین وقت قارئین کی نظر کر رہا ہوں 31 مارچ 2017 کو صبح 11:35 تا 11:55 کے درمیان لکھنے کا بہترین وقت ہے۔ طالع سرطان ہوگا طالع کا مالک قمر زائچے کے دوسرے گھر کا مالک شمس اور دسویں گھر کا مالک مریخ بہترین پوزیشن میں موجود ہے اور کوئی نحس نظر بھی نہیں اگر اس وقت کے مطابق نقش بنالیا جائے تو سمجھ لیں کہ آپ نے قیمتی تحفہ حاصل کرلیا۔

عزیزان من آیت پاک کا نقش مسلم بھائیوں کیلئے ہے اور دوسرا نقش غیر مسلم دوستوں کیلئے ہے تاکہ وہ بھی اس نعمت سے محروم نہ رہیں۔ غیر مسلم دوستوں کے لئے جو نقش ترتیب دیا گیا ہے اس میں سنسکرت (ہندی) زبان کے چار لفظ استعمال ہوئے ہیں جن کا محاورتاً معنی یہ ہیں۔ اے خدا! قبول کر میری سچائی اور بلند مرتبہ عطا فرما مجھے۔ غیر مسلم دوست دیئے گے وقت کے مطابق نقش بنالیں اور نیچے نو روز سے منسوب طلسم لکھ لیں، وظیفے کے طور پر لفظ "اوم" کا 108 مرتبہ جاپ کریں۔ انشاء اللہ آپ بھی فوائد سے محروم نہیں رہیں گے۔ نقش خود نہ بنا سکیں تو مجھ سے یا پھر جناب ایاز مزمل صاحب سے بنوا کر فیوض و برکات حاصل کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

نوٹ: دونوں نقوش کی چال انتہائی آسان ہے ذرا سا غور و فکر کرنے سے سمجھ میں آجائے گی۔ 31 مارچ میں نقش کی تیاری کا وقت کراچی کے مطابق ہے آپ اپنے شہر کے مطابق جمع تفریق کرلیں۔ جس کا جدول آپ کو باآسانی مزمل روحانی جنتری 2017ء سے مل جائیگا۔

۷۸۶

الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا
ونعم	اللہ	حسبنا	اللہ
اللہ	الوکیل	ونعم	ونعم
حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل

شمع بک ڈپو، کشمیر بازار راولپنڈی۔ 0336-2451457
ادارہ روحانیات

اُوم	شَرِیَمُ	سَتِیمُ	اُونگ
شَرِیَمُ	اُوم	شَرِیَمُ	سَتِیمُ
سَتِیمُ	سَتِیمُ	اُونگ	شَرِیَمُ
اُونگ	سَتِیمُ	شَرِیَمُ	اُوم

☆ آآ م # ااا ھے و

چاند کے اثرات حمل تا حوت کے عنوان سے آپ نے پچھلے کالم میں طالع برج حمل والوں کیلئے چاند کے اثرات مطالع کیا اب اگلے طالعات کو پڑھیں۔

برج ثور والوں کے لئے :قمر تیسرے گھر کا حاکم سیارہ ہے اگر یہ زائچے میں شرف یافتہ اور نحوست سے پاک ہو تو محبت و کوشش تعلقات عامہ میں اچھی صلاحیت عطا کرتے ہیں اس کے علاوہ سمجھنے اور سمجھنے کی قوت عطا کرتا ہے اگر برج ثور والوں کا شمس بھی قمر کے ساتھ مضبوط ہو تو سرکاری رتبہ عطا کرنے میں مددگار ہوتا ہے اور اگر قمر زائچہ میں نحس جگہ واقع ہو یا نحس نظرات رکھتا ہو تو تیسرے گھر کی منسوبات کو تباہ کر دیتا ہے کاہلی و سستی، ہمت کا فقدان، ذہنی ڈپریشن اور ذہنی کمزوری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

طالع برج جوزا والوں کے لئے :قمر دوسرے گھر کا حاکم سیارہ ہے اگر زائچے میں سعد و اچھی پوزیشن رکھتا ہو یا پھر اپنے ہی گھر میں باقوت و نحوست سے پاک ہو تو صاحب زائچہ کو اچھا مرتبہ و ساکھ، صحت مندی، خوشحالی، اچھی فیملی عطا کرتا ہے اور دوسرے سیاروں کی سپورٹ صاحب زائچہ کو بیرون ملک ترقی کے مواقع فراہم کرتا ہے اور اگر قمر ہبوط یافتہ یا نحس اثرات کا حامل ہو تو ازدواجی زندگی کے مسائل، لڑائی جھگڑے کی فضا پیدا کرتا ہے دولت اور ساکھ سے محرومی، ماں اور بیوی کے لئے مشکلات ذہنی سکون سے محرومی اور اگر کیتو کی نحس نظر قمر سے ہو تو صاحب زائچہ کا سکون چھین جاتا ہے اور جائیداد میں نقصان کا سبب بنتا ہے ایسے عوامل کے تدارک کے لئے راہو کیتو کی کاٹ اور قمر کی تقویت کیلئے نقش قمر کے ساتھ ساتھ خاتم قمر بھی پہنائی جائے۔

نوٹ :۔ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات شام 04 تا 06 بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں علاوہ جمعۃ المبارک۔

0300-6351192

جادو اور جنات کا خاتمہ

تحریر:۔رانا ناصر علی (جھنگ صدر)

دوستو تھیلی والے عمل کے نام سے سورۃ جن کا یہ خاص عمل ہے جس سے سخت جادو اور جنات کے اثرات کا خاتمہ کیا جاتا ہے۔ اصل بات سورۃ جن کی طاقت ہے لہذا وہ لوگ جو کہ سورۃ جن کے بڑے وظیفے کر چکے ہیں اس کی زکات اکبر ادا کر چکے ہیں۔ وہی صاحب وظیفہ اس سے کامل استفادہ کر سکتے ہیں کیونکہ سورۃ جن ایک بڑی قوت رکھتی ہے لہذا ایسے افراد جو کہ چھوٹے موٹے وطائف کرتے رہتے ہوں یا تجربات کی نیت رکھتے ہوں کہ چلو آزماتے ہیں کہ یہ عمل درست ہے یا نہیں برائے مہربانی اس عمل سے دور رہیں کیونکہ یہ جناتی عمل ہے اس کے اثرات سخت ترین ہوتے ہیں ایسا نہ ہو کہ آزمائش میں آپ کے گلے کوئی مصیبت پڑ جائے۔ خاص طریقہ ایسے افراد کیلئے تحریر کر رہا ہوں جو کہ سورۃ جن کی بڑی قوت کے حامل ہیں۔

اس عمل کا آغاز سوموار کی رات بوقت تہجد کریں جس کا طریقہ یہ ہے کہ تین لال رنگ کی بڑی پوٹلیاں بنائیں ہر ایک پوٹلی میں پانچ رنگ کی دال ڈالیں وزن ایک ایک چھٹانک ہو تھوڑا سا سندور، کپڑوں پر لگانے والے ستارے دس روپے کے، 100 گرام موچی کیل، مریض کے سر کے چند بال اور مریض کے دونوں پاؤں کی چٹکی بھر مٹی اس تھیلی میں ڈال دیں۔ اس پوٹلی کے ساتھ ایک بوتل میں پانی اور دوسری بوتل میں سرسوں کا تیل بھی رکھ لیں۔ سورۃ جن 41 بار پڑھیں پڑھنے کا وقت بوقت تہجد ہے۔ بعد ورد سورۃ جن تمام اشیاء پر دم کریں۔ یعنی پوٹلی تیل اور پانی پر اب ان میں سے پوٹلی کو شب منگل مریض کے سرہانے رکھنے کیلئے دیں۔ جب منگل کی صبح مریض اُٹھے تو یہ پوٹلی 7 بار مریض کے سر سے وار کر زوال سے پہلے پہلے دریا، نہر، سمندر یعنی کے چلتے ہوئے پانی میں بہا دیں۔ جس پانی پر آپ نے دم کیا تھا یہ پانی مریض کو پینے کیلئے دیں اور منگل کی رات تیل سے مریض کی مالش کریں کہ بدھ کی صبح وہ مریض غسل کرے۔ یہ عمل ہفتے میں ایک بار یعنی کہ منگل کے دن کیا جائیگا اس طرح تین منگل تک اس عمل کو دہرائیں گے۔ ایک بات کا خاص خیال رکھیں کہ جب پوٹلی پھینکے جائیں تو اس کے فوری بعد سوا کلو گوشت کا صدقہ بھی ضرور دیں۔ انتہائی پُر تاثیر عمل ہے۔ اس کی برکت سے انشاءاللہ فوری طور پر کالے جادو کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں، جناتی مریض فوراً صحت یاب ہو جاتا ہے۔ جادوگر ہوں یا جنات سب پیچھا چھوڑ دیتے ہیں۔ اس عمل کی اجازت ضرور لیں۔

نو روز عالم افروز

برائے حاجت روائی

چوکی علیؑ مرتضیٰ

تحریر:۔ شیخ عبدالخالق (کراچی)

قارئین محترم عزیز کو میری طرف سے السلام وعلیکم! اللہ پاک آپ کو مجھے اور ادارے کے تمام لوگوں کو کلی صحت وسلامتی عطا فرمائے (آمین)۔

پیر کے دن نوروز آیا یعنی نوروز کا دن پیر کو آنے میں ضعیف العمر عورتوں کیلئے اچھا اور نیک ثابت ہوگا۔ کاشت کاری میں فائدہ ہوگا اور فصلیں اچھی ہونگی اور گرمی کم پڑے گی اور اللہ نے چاہا اس سال قدرتی آفات سے بھی تحفظ ملے گا۔ زائچہ کے متعلق نوروز کے حوالے سے قارئین کو بتایا۔ نوروز کے حوالہ سے ایک خاص عمل پیش کر رہا ہوں۔ یہ ایک ایسا عمل ہے جو تقریباً 11 بار یعنی 11 نوروز تک کیا جائے تو کسی دوسرے عمل کی عامل کو ضرورت نہیں ہوگی اس آنے والے نوروز میں اسکی زکات ادا کرے تو ایک سال تک آپ اس کے عامل بن جائے گے اور برابر 11 سال تک کریں تو بے پناہ روحانی قوت کے حامل ہونگے۔ ذرا سی محنت سے بڑا پھل مل سکتا ہے۔ یہ عمل آپ قارئین کو ہدیہ کر رہا ہوں انشاءاللہ اس کے اتنے فائدے ملیں گے آپ حیران رہ جائیں گے۔

1:۔ جادو جنات وآسیب آپکی طرف نہیں آسکے گا۔

2:۔ ہر جائز مراد پوری ہوگی۔

3:۔ بندش رنجش ختم ہوگی۔

4:۔ دشمن غلبہ نہیں پاسکے گا۔

5:۔ بیماری کو دفع کرنے کیلئے مفید ثابت ہوگا۔

6:۔ ہر بندہ عزت واحترام کریگا۔

7:۔ رزق ومال میں خیر وبرکت ہوگی۔

8:۔ روحانی مخلوق غیب سے مدد کریگی۔

9:۔ اہل بیت کی زیارت نصیب ہوگی۔

10:۔ خواب میں آنے والے حالات معلوم ہوجائیں گے۔

11:۔ مولا علی کرم اللہ وجہہ کی زیارت نصیب ہوگی۔

12:۔ پڑھنے والے کو سرکار علیؑ خود گلے لگائیں گے۔

یہ چوکی میرے استاد محترم شیخ اللہ بخش بلی صاحب نے دی اور آج میں یہ چوکی قارئین تحفہ روحانیات کو دیتا ہوں۔ مگر یہ عمل وہی کرسکتا ہے جو نیک دل خلوص محبت کرنے والا ہوگا۔ خود اس عمل کے نظارے دیکھے گا۔ یہ عمل صرف اور صرف نوروز اور ولادت علی کرم اللہ وجہہ زکات کبیرا ادا کریں تعداد 1100 بار اس زکات کو ادا کرنے سے پہلے روزہ رکھیں اور یہ روزہ ہدیہ کریں مولا کو ان شاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی روحانی قوتوں سے فیض یاب ہونگے۔ اس عمل کی روحانیت بہت تیز ہے کیونکہ یہ عمل مولا علیؑ سے ہے اس چوکی کو پڑھنے سے روحانی مخلوق شیر کے روپ میں نظر آتی ہے۔ ڈرنے کی ضرورت نہیں حصار کریں۔ جو آپ کو درست تلفظ کے ساتھ آتا ہو اس عمل کو پڑھنے سے ہر طرح کی رکاوٹ ڈیل ہوجاتی ہے۔

نوٹ۔ پاک صاف ہوکر سفید لباس زیب تن کریں۔ بخور کی دھونی دیں۔ عمل ختم کرنے کے بعد چم چم سفید دودھ سوا کلو اور سوجی کا حلوہ پر نیاز دیں نبی کریم ﷺ پنجتن پاکؑ، ائمہ معصومین، اہل بیتؑ کے نام کی بچوں میں تقسیم کردیں اور صدقہ سوا کلو آٹا اور چینی مکس کرکے کسی قبرستان میں جو پرانے درخت ہوتے ہیں اسکے خول میں ڈال دیں یہ صدقہ عمل کرنے سے آدھا گھنٹہ پہلے کریں۔

عمل:۔ علیؑ علیؑ کو ہم نے پکارا، علیؑ کا ہم کو بہت سہارا، علیؑ محمدؐ مصطفیٰ مرتضیٰ، تو ہی نام نام دار، تو ہی شیر خدا چلی سواری، پیر پیغمبر کی یا علیؑ مدد کریں۔

110 بار پڑھیں آنکھیں بند کرکے نیت ایک سال کی زکات کرکے پڑھیں اور نماز عشاء کے بعد 11 بار روزانہ پڑھیں۔ اچھی نیک بشارت ہوگی۔ مجھے یقین ہے کہ یہ عمل کرنے سے پہلے آپکی ہر جائز مراد پوری ہوگی مجھے اور ادارے کے تمام لوگوں کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔

برائے ایصال ثواب

میرے محترم استاد شیخ اللہ بلی ملنگی بقضائے الٰہی گزشتہ ماہ وفات پاگئے مرحوم اعلیٰ درجہ کی روحانی شخصیت تھے۔ ان کے فیض سے بے شمار لوگ اپنے مسائل سے نکل آئے میرے لئے وہ روحانی باپ کا درجہ رکھتے تھے۔ قارئین تحفہ روحانیات سے گزارش ہے کہ میرے محترم استاد کے ایصال ثواب کیلئے ایک بار درود شریف ایک بار الحمد شریف تین بار قل شریف پڑھ کر روح کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کریں۔ شیخ عبدالخالق قلم کار روحانی مضامین تحفہ روحانیات

نوروز عالم افروز

رحمکاریہ جفر

تحریر
شعیب الرحمٰن شاہ
(ایبٹ آباد)

اس سال نوروز عالم افروز 20 مارچ 2017ء بروز سوموار 15 بجکر 30 منٹ پر قائم ہورہا ہے۔ نوروز کے وقت اکثر عاملین جفر ایسے عملیات تیار کرتے ہیں جو کہ کامیابی اور فتوحات کیلئے کام دیتے ہوں۔ اس وقت آج کی محفل میں تحفہ روحانیات کیلئے لوح سعادت زحل کے ساتھ حاضر ہوں۔

یہ وقت اُن لوگوں کیلئے نایاب ترین وقت ہے جو کہ ساڑھ ستی کا شکار ہیں۔ یا ایسے افراد جن کا کوئی کام بنتے بنتے رُک جاتا ہو یا کسی بھی کاروبار میں لگائی گئی رقم ڈوب جاتی ہو یا کاروبار نہ چلتا ہو یا ہر طرف سے پریشانیاں ہی پریشانیاں آجاتی ہوں ایسے تمام افراد کیلئے یہ نایاب وقت ہے۔

ساڑھ ستی کا مطلب ہے کہ ساڑھے سات سال وہ اذیت ترین عرصہ ہے کہ جس میں صاحب اثر ساڑھ ستی کی ایک عجیب مصیبت میں گرفتار ہوتا ہے۔ جس کا اندازہ صرف وہی کرسکتا ہے جو اس کرب اور عذاب سے گزر رہا ہو۔ سیارہ زحل کی نحوست نے اپنے ساڑھے سات سال کا عرصہ تو پورا کرنا ہی ہوتا ہے۔ لیکن اس دوران کبھی کبھار ایسے مواقع یا سیارگان کی ایسی نظرات بنتی ہیں کہ جن سے فائدہ اُٹھا کر انسان اس نحوست کی شدت میں کمی واقع کرسکتا ہے۔ اہل علم سے اہل عقل فائدہ اُٹھا لیتے ہیں اور وہ حکماء جو کہ حروف اور سیارگان کی تاثیر کو سمجھتے ہیں۔ ایسے نایاب اوقات میں سیارگان کی نحوست وخصوصاً زحل کی دور کرنے کیلئے الواح تیار کرتے ہیں۔ جس کی برکت سے بدقسمت انسان اپنے آپ کو خوش قسمت سمجھنے لگتا ہے اور اللہ کا خاص کرم اُس پر ہوجاتا ہے۔ اس لوح کی برکت سے اللہ تعالیٰ ایسے اسباب پیدا کرتا ہے کہ تمام پریشانیوں سے نجات مل جاتی ہے۔ یہ لوح سعادت زحل سفید یا گولڈن کاغذ پر تیار ہوگی لوح کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔ یہ لوح ساڑھ ستی زحل سے محفوظ رکھنے کیلئے بہت پُرتاثیر ہے۔

سورۃ نصر اعداد قمری 6124

نصر من الله فتح قريب اعداد قمری 1302

انا فتحنالك فتحاً مبينا اعداد قمری 1233

ربنا افتح بنينا و بين قومنا باالحق

وانت خير الفا تحين اعداد قمری 3109

طالب زاہد حسین اعداد قمری 145

سورة يسين شريف باموکل اعداد قمری 296366

مقصد تحفظ فالله خير حفظا و هوارحم الرحمين اعداد قمری 2550

کل اعداد 310929

310929-29940=280989÷4=1

تو خانہ نمبر 13 میں 1 کا اضافہ 70247 کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک 998 کا اضافہ کرتے جائیں اور ساتھ میں اسم اعظم **یا حفیظ** کا ورد بھی کریں یعنی خانہ اول لکھ کر 998 مرتبہ **یا حفیظ** کا ورد کریں اس طرح 16 خانوں تک کریں۔ اس طریقہ سے میزان چاروں اطراف سے درست آئیگی اس لوح کی برکت سے تسخیر خلق، رجوع خلق تسلط برخلق بلکہ تسخیر سلطنت خصوصی مرتبہ خلقت پر بزرگی اور الیکشن میں کامیابی کیلئے پُرتاثیر ہے۔ میں نے اپنی طرف سے مکمل تفصیل لکھ دی ہے پھر بھی کسی کو سمجھ نہ آئے تو ادارہ روحانیات سے رجوع کرسکتا ہے۔ اس عمل کی اجازت صرف اور صرف ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے لیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور چیف ایڈیٹر ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

۷۸۶
صرفیائیل

۷۷۲۳۳	۸۰۲۲۷	۸۳۲۲۲	۷۰۲۴۷
۸۲۲۲۴	۷۱۲۴۵	۷۶۲۳۵	۸۱۲۲۵
۷۲۲۴۳	۷۸۲۱۸	۷۸۲۳۱	۷۵۲۳۷
۷۹۲۲۹	۷۴۲۳۹	۷۳۲۴۱	۸۴۲۲۰

وکفی باالله شهیداً محمد رسول الله السید الشمهورش

اختر بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد۔ 0313-7091558
ادارہ روحانیات

سورۃ فاتحہ کا عمل

تحریر
ایس اے شہزاد
(پشاور)

قارئین تحفہ روحانیات کیلئے ایک خاص عمل پیش ہے۔ یہ عمل بے حد سریع الاثر اور مجرب ہے ترکیب اس کی یہ ہے جب آپ کی کوئی ایسی مراد ہے جو آپ کی کوشش سے پوری نہ ہو رہی ہو اور آپ اس وجہ سے پریشان ہوں تو اس وقت پورے اعتقاد سے یہ عمل شروع کریں انشاللہ کامیابی ہوگی۔

طریقہ پڑھائی

یہ عمل آپ کو کھڑے ہو کر پڑھنا ہوگا۔ کھڑے ہو کر اگر نہیں پڑھ سکتے تو بیٹھ کر بھی عمل کر سکتے ہیں۔ تلاوت کیلئے آپ کوئی سا بھی وقت مقرر کر سکتے ہیں لیکن بہتر وقت بعد نماز عشاء ہے روزانہ رجال الغیب کی طرف پشت کر کے عمل پڑھیں یہ عمل تین ہفتوں کا ہے اس عرصہ میں مقصد حاصل ہوگا اگر اس عرصے میں دوران مقصد حاصل نہ ہو تو پھر سات ہفتوں تک ضرور کامیابی مل جائیگی۔ یہ عمل نوچندی اتوار سے شروع کریں اس عمل میں کچھ پرہیز نہیں ہے۔ نماز کی پابندی کرنی ہوگی جھوٹ اور حسد سے بچنا ہوگا احتیاط کے ساتھ پڑھیں اگر تعداد میں فرق آجائے تو عمل دوبارہ سے شروع کریں۔ پہلے دن اتوار کا ہو۔

اتوار کے دن :۔ الحمد للہ رب العالمین 502 مرتبہ اور آمین 100 مرتبہ

سوموار کے دن :۔ الرحمن الرحیم 556 مرتبہ اور آمین 100 مرتبہ

منگل کے دن :۔ مالك يوم الدين 211 مرتبہ اور آمین 100 مرتبہ

بدھ کے دن :۔ ایاك نعبد و ایاك نستعین 836 مرتبہ اور آمین 100 مرتبہ

جمعرات کے دن :۔ اهدنا الصراط المستقیم 1040 مرتبہ اور آمین 100 مرتبہ

جمعہ کے دن :۔ الصراط الذین انعمت علیهم 1100 مرتبہ اور آمین 100 مرتبہ

ہفتہ کے دن :۔ غیر المغضوب علیهم والا الضالین 4070 مرتبہ اور آمین 100 مرتبہ

ضروری ہدایت :۔ عمل باوضو ہو کر پڑھیں پہلے دن جس جگہ عمل پڑھا ہے ہر روز اس جگہ عمل پڑھیں دس پندرہ منٹ کی دیر بھی نہ ہو مقررہ وقت پر عمل شروع کریں جگہ اور وقت کی تبدیلی سے عمل جاتا رہتا ہے۔

نوٹ) چاند کی مندرجہ ذیل تاریخوں میں رجال الغیب جس طرف ہوتے ہیں ان کی طرف پشت کر کے عمل پڑھنا ہے ورنہ فائدہ کی بجائے نقصان ہوگا۔ رجال الغیب کا چارٹ آپ مزمل روحانی جنتری 2017ء یا تحفہ روحانیات سے آسانی سے معلوم کر سکتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ
فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِي
بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ وَبِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ
وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

نادعلی کا یہ عمل انتہائی آسان پر اثر ہے ہر جائز کام کیلئے خواہ وہ کتنا مشکل کیوں نہ ہو تین روز کے اندر ضرور حل ہو جائیگا خلوص نیت شرط ہے کسی بھی نو چندی جمعرات سے شروع کریں بعد نماز عشاء اپنے نام کے اعداد نکالیں جو کام ہو اُس کے اعداد نکالیں مثلاً جاوید محمد کو کاروبار میں برکت کیلئے عمل کرنا ہے۔

جاوید محمد :۔ ج ا و ی د م ح م د
116=4.40.8.40.4.10.6.1.3

کاروبار :۔ ک ا ر و ب ا ر
430=200.1.2.6.200.1.20

برکت :۔ ب ر ک ت
622=400.20.200.2

عدد کو اکائی میں تبدیل کیا 16=8+6+1+1

اس 16 کو 12 سے ضرب دیں 16x12=192

معلوم ہوا کہ جاوید محمد کو 192 مرتبہ 3 دن تک نادعلی پڑھنی ہے۔ اس طرح مسلسل 09 دن کریں تو یقینی کامیابی ہوگی۔

اختر بک ڈپو، فیصل بازار سرگودھا۔
ادارہ روحانیات

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

قارئین تحفہ روحانیات کیلئے اس بار بھی ہمیشہ کی طرح چند مجرب اور نایاب اعمال کے ساتھ حاضر ہوا ہوں اُمید کرتا ہوں کہ قارئین پہلے کی طرح میری حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔ قارئین تحفہ روحانیات سے میری اتنی گزارش ہے کہ جب بھی میرے اعمال سے کچھ فائدہ حاصل ہو تو مجھے اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

عمل نمبر 1: ۔باطنی آنکھ کھولنے اور بخار دور کرنے اور سایہ جن دور کرنے کیلئے تیر بہدف ہے قارئین اس سے مکمل طور پر مستفید ہو سکتے ہیں۔

ترکیب عمل: ۔رات سونے سے قبل باوضو ہو ان اسماء کو پانچ ہزار بار ہر روز ورد کیا کرے جب تک عمل جاری رکھے گا آئندہ ہونے والے واقعات کا پتہ رات کو خواب میں نظر آیا کرے گا اس عمل کا عامل یہ اسم پانچ لائن میں پانچ بار لکھ کر کسی بخار والے کو باندھنے کے لئے دے تو پانچ گھنٹے میں بخار دُور ہو جائے گا سایہ والے آدمی کو لکھ کر پایا کرے اور باندھنے کے لئے دے تو گیارہ دن میں بلا دور ہو گی لیکن کسی کو لکھ کر دینے سے پہلے مریض سے سوا کلو گوشت اور سوا کلو مٹھائی منگوا کر نیاز دے کر گوشت ویران جگہ ڈال دیں اور مٹھائی تقسیم کر دیں گے تو خود رُجعت سے محفوظ رہیں گے، عمل سے پہلے صدقہ دیں ہر جمعرات کو شیرینی تقسیم کیا کریں، باقی اس عمل کی کرامات خط لکھ کر بمعہ جوابی لفافہ ادارہ کے ایڈریس پر روانہ کر کے معلوم کی جا سکتی ہے۔

یَا اَللّٰہُ یَا اِلٰہُ یَا رَبُّ

عمل نمبر 2: ۔ تسخیر خلائق کیلئے ہے اس میں لوگوں کو آپ سے بے پناہ کی محبت ہو جائیگی ہر شخص آپ کو عزت کی نگاہ سے دیکھے گا اور سب کا رجحان عامل کی جانب ہو گا۔

ترکیب عمل: ۔صبح نماز فجر کے بعد مسجد یا گھر میں اوّل خوشبو لگا کر دوانو شمال منہ بیٹھ کر تین بار بمعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سورۃ الرحمٰن پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں۔ ساتویں دن ایک غریب کو پیٹ بھر کر کھانا کھلایا کریں لوگوں سے نرمی سے پیش آیا کریں ورنہ تسخیر بند ہو جائے گی۔

عمل نمبر 3: ۔تسخیر خلائق کا یہ عمل بھی میرا مجرب عمل ہے اس عمل کے ذریعے ہر بڑی سے بڑی مصیبت کو بھی دور کیا جا سکتا ہے۔

ترکیب عمل: ۔روزانہ رات کو سونے سے پہلے ستر نفل پڑھا کریں۔ دو دو نفل کی نیت باندھ کر جب 70 پورے ہو جائیں تو ان کو ہدیہ پنج تن پاک کو کرنے کے بعد اپنی دعا کیا کریں اس کے کرنے سے رجعت بھی نہیں ہو گی اور ہمیشہ کرتا رہے گا تو ان بزرگ ہستیوں کی زیارت خواب میں ہوا کرے گی۔

عمل نمبر 4: ۔دشمن کو بھگانے کیلئے مجرب ترین عمل ہے چاہے دشمن کتنا ہی طاقت ور کیوں نہ ہو ذیل کے عمل کی برکت سے ہر حال میں ڈھیر ہو گا۔

عبارت عمل: ۔ **یَا اَللّٰہُ یَا قَادِرُ یَا غَالِبُ**

ترکیب عمل: ۔صبح فجر کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد وہیں بیٹھ کر گیارہ تسبیح روز ورد کیا کرے بعد میں اپنے مقصد کی دعا کیا کرے، تین ماہ میں دشمنوں سے سکون حاصل ہو گا۔ صلح پر مجبور ہوں گے یا بھاگ جائیں گے۔ اجازت شرط ہے۔ خود آ کر لیں۔

عمل نمبر 5: ۔دشمنوں پر فتح حاصل کرنے کیلئے ذیل کا بھی مجرب ہے دشمن چاہے کتنا ہی قوی ہو ذیل کے عمل کی طاقت کے سامنے کچھ بھی نہ ہے۔

عبارت عمل: **یَا قَادِرُ یَا قَوِیُّ یَا عَزِیْزُ**

ترکیب عمل: ۔رات کو سونے سے پہلے اکیس تسبیح ان اسماء کی پڑھ کر دعا کر کے سو جایا کرے۔ ہر ہفتہ بعد مسجد میں نماز فجر کے بعد مٹھائی بانٹنا لازم ہے اپنی آنکھوں سے فتح یاب ہونا دیکھے گا اور ہر کام آسان ہو گا۔ اجازت شرط ہے خود آ کر اجازت لیں۔

عمل نمبر 5: ۔سرکش کو حاضر کرنے کا مجرب ترین عمل ہے چاہے وہ سات سمندر پار کیوں نہ ہو ہر حال میں حاضر ہو گا جب تک حاضر نہ ہو گا اُسے چین نہ ملے گا۔

عبارت عمل:: فلاں بن فلاں **کو حاضر کرو یا سَرْ حَمَائِیلُ بِحَقِّ یَا فَتَّاحُ** (فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب کا نام مع والدہ لیں)

ترکیب عمل: ۔ہر روز ہر سمت کی طرف منہ کر کے درج بالا عمل گیارہ ہزار پڑھ کر دم کر دیا کرے مثال کے طور پر اگر پہلے دن قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھا ہے تو دوسری رات شمال کی طرف تیسری رات مشرق کی طرف چوتھی رات جنوب پانچویں رات پھر قبلہ کی طرف اس اکتالیس دن کرنا ہے، دن کو ویران جگہ گیارہ چھٹانک گوشت ڈال آیا کرے۔

طاہر نیوز ایجنسی، کچہری بازار خانیوال۔ 0300-6899357 ادارہ روحانیات

مستحصلہ عجیب

تحریر:۔ مصدق قریشی (ایبٹ آباد)

قارئین کرام! اس دفعہ آپکی خدمت میں مستحصلہ عجیب کے عنوان سے ایک مستحصلہ پیش خدمت ہے علم جفر کے شعبہ اخبار میں سوالات کے جوابات استخراج کرنے کے متعدد اور بے شمار قواعد وضع کئے گئے ہیں۔ مستحصلات کے استخراج میں بڑی دماغ ریزی ہوتی ہے بہت ہی مشکل کام ہے۔لیکن مستحصلات خاصیہ میں سوال کے اعداد کی تقسیم کے قاعدہ مجوزہ سے انشااللہ سو فیصد صحیح جواب ناطق کیا جاتا ہے جو کہ سائل کے سوال کا حتمی جواب ہوتا ہے۔ یہ مستحصلہ اللہ پاک کے نام اللہ کے اعداد شامل کر کے استخراج کیا جاتا ہے۔ ہر کام کے متعلق کہ یہ کام ہوگا یا نہیں اسے کامیابی یا ناکامی کا معلوم کر سکتے ہیں۔ مثلاً

فلاں شخص کو سحر و جادو، ٹونہ، جن بھوت وغیرہ ہے۔فلاں شادی کرنا مناسب ہے یا نہیں۔فلاں رشتہ ہوگا یا نہ۔فلاں جگہ ملازمت ملے گی یا نہ۔فلاں شہر یا ملک کو جانا بہتر ہے یا نہ۔فلاں شخص سے ملاقات ہوگی یا نہ

بیمار تندرست ہوگا یا نہ۔فلاں شخص کے دل میں میری محبت ہے یا نہیں۔فلاں شخص سے فائدہ ہوگا یا نہ۔فلاں مقدمہ میں فتح ہو گی یا نہیں۔فلاں کام یا میں فائدہ ہوگا یا نہیں۔امتحان میں کامیابی ہوگی یا نہیں

غرض یہ کہ کوئی بھی کام ہو اسکا انجام یا نتیجہ با آسانی معلوم کیا جاسکتا ہے مگر اس کیلئے مزمل روحانی جنتری 2017ء ہونی چاہیے تا کہ ساعت اور منازل قمر کا اور رجال الغیب کا معلوم ہو سکے۔

جب کبھی کسی کام یا انجام کا نتیجہ معلوم کرنا ہو تو باوضو ہو کر رجال الغیب کو پشت پر رکھ کر ہفت سیارگان کے مطابق ان ہفت گانہ امور کے اعداد ابجد قمری سے لیں۔آمد ۲۸ منازل قمری پر ان کو تقسیم کر کے جواب حاصل کیا جاتا ہے۔

نمبر 1:۔نام سائل یا جس کا بھی سوال ہو اسکا نام اور صرف نام لینا ہے۔تخلص یا عرف شامل نہیں کیا جاتا ہے۔

نمبر 2:۔نام سائل والدہ جو صحیح اور درست ہو شناختی کارڈ پر درج ہو (تخلص اور عرف نہیں لیا)

نمبر 3:۔اس چیز یا اسکا نام جس کے متعلق معلوم کرنا ہو
جیسے بیمار کا نام یا جس شہر میں جانا ہو اس کا نام
ملازمت یا کسی چیز میں نفع ونقصان کا معلوم کرنا ہو اور اسکا نام لیں۔

نمبر 4:۔نام دن جس دن سوال کیا گیا وہ دن ہمیشہ فارسی میں لیں۔

فارسی میں ایام کے نام:۔شنبہ (ہفتہ) یکشنبہ (اتوار) دو شنبہ (سوموار) سہ شنبہ (منگل) چہار شنبہ (بدھ) پنجشنبہ (جمعرات) جمعہ (جمعہ)

نمبر 5:۔تاریخ جس دن سوال کیا گیا

نمبر 6:۔ساعت جس سیارہ کی ساعت میں سوال کیا گیا ہے مثلاً زحل، مشتری، مریخ، شمس، زہرہ، قمر

نمبر 7:۔اسم اللہ کے اعداد لیں گے اگر ۳، ۵، ۷، ۱۱، ۱۲، ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۲۱، ۲۲، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۸ ان چودہ منازل میں سے کوئی بھی منزل بچے تو کامیابی ہو گی جو کام بھی ہو۔اگر ۱، ۲، ۴، ۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۳، ۱۴، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۳، ۲۷ اگر ان چودہ منازل میں سے کوئی سی منزل کا عدد اگر آئے تو ناکامی ہوگی۔باقی مستحصلہ کے جواب کے مطابق عمل کرے بفضل تعالیٰ یہ مستحصلہ طویل اور عریض مستحصلہ جات کے گورھ دھندوں اور الفاظ کے حروف و پھیر سے بالاتر ہے اور ترفع تنزل موخر صدر ترفع حرفی سے نجات لائے گا۔

مثال پیش خدمت ہے۔

نام سائل:۔	محمد ایاز مزمل	اعداد ۲۲۸
نام والدہ:۔	حوا	اعداد ۱۲
بیمار کا نام:۔	جاوید	اعداد ۲۴
نام دن:۔	جمعہ	اعداد ۱۱۸
تاریخ قمری	۳	اعداد ۳
الساعتہ	زہرہ	اعداد ۲۱۷
اسم اللہ		اعداد ۶۶
	کل میزان	۶۶۸
۲۸÷۶۶۸=۳۲	بقایا بچے ۲۴	

اب دیکھیں گے کہ ۲۴ قمری تاریخوں میں سعد ہے یعنی ۲۴ تاریخ میں جو بھی کام ہوگا وہ درست ہوگا۔

اس سوال کا جواب ہے کہ جاوید صحت یاب ہوگا اسے صحت ملے گی۔

حسد

تحریر:۔ زیدؔ اے راجپوت (حیدرآباد)

حسد ایک ایسا بُرا فعل ہے جو سب سے پہلے شیطان سے سرزد ہوا۔ وہ لعنتی ٹھہرایا گیا۔ ہمارے باپ آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے ابلیس سے اونچا مرتبہ عطا فرمایا۔ یہی بات عزازیل (ابلیس) سے برداشت نہ ہوئی اور وہ حسد کی آگ میں اللہ کی نافرمانی کر بیٹھا، مالک کائنات کا حکم ماننے سے انکار کر دیا اور کہا کہ کیا میں اس مٹی کے پتلے کو سجدہ کروں حالانکہ یہ مٹی ہے اور میں آگ، میں اس سے برتر ہوں اور یہ کم تر ہے، اللہ تعالیٰ نے کہا کیا تو نے میرا حکم ماننے سے انکار کرتا ہے ملعون ابلیس نے کہا ہاں! اللہ رب العزت نے اس وقت اس سے وہ سارے اعزاز چھین لئے جو اس نے ہزاروں یا شائد کروڑوں سال عبادت و ریاضت اور سجدہ کر کے حاصل کئے تھے، یہاں تک کہ ایسی کوئی جگہ نہیں تھی جہاں شیطان نے سجدہ نہ کیا ہو۔

قارئین! حسد ہی برائی کی بنیاد ہے۔ آج کا انسان دوسرے کی خوشی برداشت نہیں کر سکتا۔ پھر جادو ٹونے کا سہارا لیتا ہے، جھوٹ بولتا ہے۔ حتیٰ کہ چوری اور قتل کرنے سے بھی نہیں چوکتا، اللہ نے انہیں دیا ہے تمہیں بھی دے گا۔

محترم قارئین! میں آپ کی خدمت میں ایک لاجواب عمدہ پیش کرنے والا ہوں۔ مجھے اور محترم محمد ایاز مزمل شاہ صاحب کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔ برائے کرم اس کا ناجائز استعمال نہ کیجئے گا۔ گناہ کا ذمہ دار وہ خود ہوگا۔ صرف جائز مقصد کے لئے استعمال کریں اور ہمیشہ خوش رہیں۔

ایک محترم دوست کا بیان ہے کہ ان کی کمپنی میں ایک نیا آدمی کام کرنے آیا۔ وہ محترم دوست سے حسد رکھتا تھا۔ اس نے نیچے طریقے آزمانے شروع کر دیئے۔ دوست نے عمل کیا۔ اللہ نے اس حاسد کو دوسری جگہ منتقل کروا دیا اور ہمارے دوست محترم اس کے شر سے محفوظ رہے، اس عمل کی بدولت آپ بھی حاسدین کا منہ بند کر سکتے ہیں، ان سے اپنا دامن بچا سکتے ہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول مبارک ہے کہ **"حاسد کے لئے یہی سزا کافی ہے کہ جب تم خوش ہوتے ہو وہ ناخوش ہوتا ہے"**

عمل: ۔دس دن کا عمل ہے۔ بعد نماز عشاء باوضو ہو کر قبلے رخ بیٹھ کر، لوبان یا اگربتی کا استعمال ضرور کریں۔

313 مرتبہ **"انا للہ و انا الیہ راجعون"** کا ذکر کریں، دوران ذکر حاسد کا تصور کریں۔ عمل پورا کر کے اس کے تصور میں پھونک ماریں۔ حصار لازمی نہیں، ناجائز نہ کریں۔ کچھ ہی دنوں میں حاسد کا بندوبست ہو جائے گا۔ آپ اس کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ اللہ آپ کی حفاظت فرمائے گا۔ آزمائش شرط ہے۔ بلاوجہ کسی کو تکلیف نہ دی جائے کیونکہ اگر ایسا کیا گیا تو عمل الٹ ہو جائے گا، ناجائز عمل کرنے والا تباہ ہو جائے گا۔

یہ دعا اسم اعظم کا درجہ رکھتی ہے۔ کیونکہ اس میں فنا و فانی کا ذکر ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتے ہیں کہ دنیا کھیل اور تماشے کا گھر ہے یعنی کہ دنیا ہی کو سب کچھ سمجھنا افضل نادانی ہے، پوری دنیا جنت کے ایک ذرّے سے منور ہے اور ساری مخلوقات اس میں سے کھا رہی ہے تو ذرا سوچئے اس جنت کا کیا منظر ہوگا جہاں رب رحیم تجھے اپنا دیدار کرائے گا اور تمہیں سلام کرے گا۔ سورہ رحمٰن سنائے گا تب کا منظر کیا ہوگا؟

دوستو! حسد گناہِ عظیم ہے۔ اس سے بچئے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو دیا ہے۔ اس پر خوش رہیے۔ نظر بد بھی حسد کا ایک پہلو ہے۔ سبحان اللہ اور الحمد للہ کو زبان کا ذکر بنا دیں۔ جب بھی کوئی چیز پسند آئے یا اچھی لگی تو سبحان اللہ ضرور کہا کریں۔ ہر معمولی نعمت پر بھی الحمد للہ کہا کریں۔ سلام کو رواج دیں اور سلام کرنے میں پہل کریں۔ کیونکہ پہلے سلام کرنے والا تکبر سے پاک ہوتا ہے۔ طالب علموں کو چاہئے کہ الحمد للہ کو اکثر استعمال کریں، مثلاً کوئی حال احوال پوچھے تو کہیں الحمد للہ، یہ ایک ایسا عمل ہے جس کے کرنے سے مال، صحت، عزت، علم و دولت میں برکت اور اضافہ ہوتا ہے۔ سبحان اللہ کہنے والے کے لئے جنت میں ایک پیڑ لگا دیا جاتا ہے جب کہ قیامت کے روز لوگ سائے کو ترسیں گے تو یہی ذکر عرش الٰہی کے سائے میں پناہ کا ذریعہ ہوگا۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

آپ اس دعا کو ہر مصیبت اور تکلیف کے وقت پڑھیں، حتیٰ کہ اگر آپ کی چپل کا تسمہ ٹوٹ جائے تو بھی اس دعا کو پڑھنا باعث رحمت و برکت ہے۔ دنیا کے ساتھ دنیا کی ہر چیز فانی ہے، ہر چیز کو ایک دن فنا ہونا ہے۔ اگر کچھ ساتھ ہوگا تو وہ صرف اعمال ہوں گے۔ اللہ آپ کو اس کی جزا عطا فرمائے گا۔ قیامت میں لوگ ایک ایک نیکی کو ترسیں گے۔ اب بھی وقت ہے کہ عمل کر لیں۔ اللہ کو راضی کر لیں، کیا پتہ کب زندگی کی شام ڈھل جائے۔ حسد کو اپنے قریب بھی بھٹکنے نہ دیں۔ حاسدوں سے دور رہئے کہ یہی بہتر ہے۔ اللہ سے اور محمد ﷺ سے محبت کیجئے جو لافانی اور سچی محبت ہے۔

عامر تونسوی، بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ۔ 0345-8371586 ادارہ روحانیات

عمل ہمزاد نورانی

تحریر:۔ جفار عزیز الرحمٰن سروری قادری (حیدر آباد)

قارئین کرام! تمام عالم اسلام کو خیر و برکت سے نیا سال نوروز مبارک ہو۔ گذشتہ چند ماہ لوح اوج زحل فتحنامہ سلطانی پہ مضمون لکھا تھا اُوج زحل کے موقع پر لوح اوج زحل تیار کیا اور بہت سارے لوگوں نے فائدہ اٹھایا اور اس عمل کو بہت پسند کیا۔ الحمدللہ کہ سانس کی ڈوری اب تک چل رہی ہے اور اس مرتبہ قارئین کرام کے خدمت میں عمل ہمزاد نورانی کے ساتھ حاضر ہوں۔

قارئین کرام! دنیا میں بہت سے لوگ تسخیر جنات، دیو، پری، ہمزاد، موکل، ارواح وغیرہ کے تسخیر کے لئے ٹکریں مارتے رہتے ہیں۔ محنت نہیں کرتے اور خیال کرتے ہیں کہ بغیر محنت کے سب کچھ مل جائے۔ لمبی لمبی چھوڑنے والے نام نہاد عاملوں سے راہنمائی کی توقع رکھتے ہیں ہر انسان کی یہ خواہش رہتی ہے کہ وہ کوئی ایسی طاقت ور روحانی قوت کا تسخیر کر کے بے تاج بادشاہ بن جائے، لیکن تسخیر ہمزاد تو دور کی بات ہے۔ عاملین حضرات کے لئے جنات، دیو، پری اور موکلات کی تسخیر بھی اس دجالی دور کے حساب سے بہت مشکل اَمر ہے۔ میرا ذاتی مشاہدہ ہے کہ دیو پری موکل ارواح کی تسخیر ممکن ہوسکتا ہے۔ جب کہ جنات اور ہمزاد کو قابو کرنا **فہی مہی** کوئی بچوں کا کھیل تو نہیں۔ اس عمل میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے لگن مشق اور محنت کرنے کی ضرورت پڑتی ہے اور اس گنہگار کا اندازہ ہے کہ دور مستقبل میں تو تسخیرات کا صرف نام ہی باقی رہے گا۔ کروڑوں میں سے کوئی عامل کامل باقی رہے گا جو تسخیر اور اعلیٰ درجے کے اعمال کا شاید ہی مالک ہوگا۔ درحقیقت ہمزاد انسانی سوچ و خیال کا مظہر ہے اور انسانی روح کا غلام ہے۔ کیونکہ انسان خود ایک نقطہ ہائے اسرار ہے۔ یہ بات بھی سچ ہے کہ آنے والے دور میں علم و عمل صرف کتابوں میں رہ جائے گا اور لوگ اس ڈھنڈورے کو پیٹتے رہیں گے۔

قارئین کرام اب ہم عمل کی طرف چلتے ہیں۔ عمل ہمزاد میں ہزاروں میں سے کوئی عمل ہمزاد ہی درست ہوتا ہے باقی سب دنیا روحانیت کے روشن حصار ہیں۔ اس عمل میں سب سے بڑی خوبی ہے کہ یہ عمل کبھی بھی خطا نہیں ہوتا بہت ہی اعلیٰ اور طاقت ور عمل ہے اس عمل میں پرہیز جلالی جمالی کو اپنائیں۔ صوم وصلوٰۃ کے پابندی کے ساتھ 21 روز تک عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکیسویں روز ہمزاد عامل کے سامنے حاضر ہوگا اور سوچ و سمجھ کے ساتھ اس سے قول و اقرار کریں۔

عبارت عمل: **اللہ ھو**

تعداد: بہت مخصوص ہے۔ مدت عمل۔ 21 یوم

بعد نماز عشاء نوچندی جمعرات کو عمل ایک خاص کمرے میں مشرق کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو جائیں جب عمل ختم کریں اپنے بستر پہ لیٹ جائیں۔ اللہ پاک نے چاہا تو بہت جلد تسخیر ہمزاد ہوگا۔ اللہ پاک قارئین کرام کو توفیق عطاء فرمائے اور اس عمل میں کامیابی عطا فرمائے۔

اس عمل کی اجازت اور تعداد ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے طلب کریں یا براہ راست مجھ سے رابطہ کریں۔ آخر میں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل شاہ صاحب میرے پیر مرشد فقیر حقداد اور میرے استاد حضور سید شعیب الرحمٰن شاہ سروری قادری کے حق میں دعائے خیر کریں اور مجھ گنہگار عزیز الرحمٰن کو اپنی خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

لوح ہمزاد

بدقسمتی اور سیارگان کی گردش کی وجہ سے آپ کے ہر کام میں رکاوٹ ہو بنا بنایا کام عین وقت پر بگڑ جاتا ہو یا آپ اپنے آپ کو دنیا کا بدقسمت ترین شخص تصور کرتے ہوں۔ مقدمہ بازی کی وجہ سے پریشان ہیں یا دشمنوں کے غلبہ کی وجہ سے زبان نہیں کھول سکتے۔ گھر میں بیماریاں ہیں یا آسیب یا تعویزات کے اثرات کاروباری بندش ہے یا بے برکتی یا پھر بے روزگاری کا شکار ہیں۔ قرض ادا نہ ہوتا ہو یا گھر میں لڑائی جھگڑا اس قدر ہو کہ گھر جنت کی بجائے جہنم لگتا ہو۔ نکاح کی بندش ہو یا کسی بھی قسم کے جادو کے اثرات ہوں" **لوح ہمزاد**" بنوا کر پاس رکھنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے آپ کا ہمزاد حاضر ہو کر آپکے کاموں میں غیبی طور پر مدد کر رہا ہوتا ہے یہ غیبی طاقت اس لوح کے پاس رکھنے کی وجہ سے حیرت انگیز طور پر آپ کی راہنمائی کرتی ہے اور وہ مسائل یا پریشانیاں جو آپ کو دیمک کی طرح چاٹ رہی تھیں ختم ہو جاتی ہیں۔ اس لوح کے اثرات کبھی ضائع نہیں ہوتے۔ پرائز بانڈ کے نمبروں کے شائقین حضرات کے لئے یہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔ جس کے ذریعے اُن کا ہمزاد غیبی طور پر نمبروں کے بتانے کے سلسلہ میں اُن کی مدد کرتا ہے یہ ایک معجزاتی لوح ہے۔ لوح ہمزاد ہمارا خاندانی صدیوں پرانا عمل ہے اس کرشماتی معجزہ کو آزمانے کے لئے اپنی مشکلات مفصل طور پر لکھیں اور لوح کا ہدیہ **4200** روپے منی آرڈر کریں۔

حاضرات کی دُنیا

تحریر:۔ حکیم نعیم الحسن (لاہور)

قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت میں حاضرات کی دُنیا سے چند سورتوں کے ذریعہ نایاب حاضرات کے اعمال پیش کر رہا ہوں اس اُمید کے ساتھ قارئین پسند فرمائیں گے۔ مجھے اور تحفہ روحانیات کی مکمل ٹیم خصوصاً ہر دلعزیز ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حسد کرنے والوں کے شر سے بچائے (آمین)۔

سورۃ فاتحہ:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ o الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ o اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ o صِرَا طَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآ لِّیْنَ o

فضائل درود شریف:۔ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی ایک سو ضرورتیں پوری کرتا ہے۔ یعنی ستر ضرورتیں تو عقبیٰ کی اور تیس ضرورتیں دنیا کی۔ دوسری جگہ ارشاد فرمایا ہے کہ مجھ پر تم لوگوں کے درود بھیجنے سے تمہارے گناہ اس طرح ختم ہو جاتے ہیں جیسے پانی سے آگ۔ جو شخص جمعہ کے روز سو بار درود پڑھے گا تو قیامت کے روز اس کے ساتھ ایک ایسا نور ہوگا اگر وہ ساری مخلوق میں تقسیم کر دیا جائے تو سب کے لئے بہت ہو۔ مزید ارشاد فرمایا کہ درود بھیجنے والے کی پیشانی پر **براءۃ من النار** لکھ دیا جاتا ہے۔ یعنی یہ شخص نفاق سے بھی بری ہے اور جہنم کی آگ سے بھی بری ہے۔ درود پاک بہت سے ہیں درود ابراہیمی جو نماز میں پڑھا جاتا ہے۔ سب سے افضل ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْد۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْد۔

آیت الکرسی:۔ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْ خُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْم۔ لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَالَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔

فضائل سورۃ الاخلاص و معوذتین:۔ ام المومنین سیدہ عائشہؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ رات کو بستر پر آرام فرماتے تو دونوں ہاتھوں کو ملا کر اس پر یہ تینوں سورتیں پڑھ کر دم کرتے پھر دونوں ہاتھ جہاں تک پہنچے اپنے جسم مبارک پر پھیرتے (ترتیب یہ تھی کہ) پہلے سر اور منہ پر پھیرتے پھر بدن کے اگلے حصہ پر اس کے بعد جسم کے باقی حصہ پر اس عمل کو تین مرتبہ کرتے۔ (بخاری مسلم)۔

یہ سورتیں جنات اور شاطین سے بچنے کے لئے بہت مفید ہیں۔ جو شخص رات کو سوتے وقت سورۃ فاتحہ۔ آیت الکرسی، سورۃ اخلاص، سورۃ فلاق اور سورۃ ناس پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے دونوں ہاتھوں کو چہرے اور سر سے لے کر پیٹ کر ٹانگوں تک پھیرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ رات بھر جنات اور شیاطین کے شر سے اور دیگر آفات سماوی سے محفوظ اور اللہ کی پناہ میں رہے گا اس کے علاوہ یہ سورتیں جادو اور کالے علم کے اثرات۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۔ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ۔ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَد اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۔ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۔ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۔ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۔ مَلِکِ النَّاسِ ۔ اِلٰہِ النَّاسِ ، مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۔ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۔ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ۔

المدینہ اسٹنیشری، تحصیل بازار بھاولنگر۔ 0303-0533893 ادارہ روحانیات

اعمال گیلانی

دعائے سیفی عمل مجرب

تحریر:۔ پیر سید سبطین حیدر شاہ گیلانی (حجرہ شاہ مقیم)

قارئین تحفہ روحانیات! جیسا کہ فروری میں آپ نے اس مضمون کا پہلا حصہ پڑھا تھا اب اس کا دوسرا حصہ پیش کر رہا ہوں جس میں دعائے سیفی اور اس کا مجرب ترین عمل پیش خدمت ہے اُمید ہے کہ قارئین میری اس خدمت کو سراہائیں گے۔ انشاءاللہ اگلے ماہ جو سلسلہ پہلے شروع کیا تھا بسم اللہ شریف کے خاص اعمال کے ساتھ دوبارہ سے حاضر ہونگا۔

عمل دعائے سیفی

دُنیائے عملیات میں اعمال سینکڑوں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں کی تعداد میں ظاہر ہے کہ سب کا تجربہ کرنا انسان کیلئے ممکن نہیں لیکن ہاں جب وہ اس وادی میں قدم رکھتا ہے۔ مشیت ایزدی اس کی دست گیری ہوتی ہے اور انہی اعمال کی طرف بندے کا رجحان ہوتا چلا جاتا ہے جس میں اسے کامیابی ملنا ازل سے مقدر ہو چکا ہوتا ہے میں یہاں جس عمل کا تذکرہ کرنے جا رہا ہوں یہ عمل بھی کچھ ایسا ہی ہے کہ اگر کسی حاجت مند کو اس سے فائدہ پہنچنا مقدر ہوگا تو وہ اس عمل سے ضرور مستفید ہوگا اور محض تین دنوں میں اس کا محبوب اس کے قدموں میں ہوگا جبکہ اس کا عمل کرنا شرعاً درست ہو اگر ناجائز طور پر کریگا تو اس عمل کے موکلات سے جان چھڑانا مشکل ہو جائیگا عمل یہ ہے۔

لا الہ لا دے ،الا للہ دلا دے، محمد رسول اللہ ملا دے، قسم خدا کی ،خدا کے رسول کی، چھاریا کی ،کلمہ کلام کی، فلاں بنت فلاں محبت میں فلاں بن فلاں کی ،جل بھن کر میرے قدموں میں آن پڑے، الھیٰ کلمہ کی آن، اس پر پڑے ،غضب کی بان بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

اس عمل سیفی کو روزانہ خانہ مطلوب کی جانب منہ کر کے ۳۶۰ مرتبہ پڑھے پڑھتے وقت مطلوب و محبوب کا تصور کامل رکھے کہ وہ آ رہا ہے اور تین دن گزرے گے کہ اس کو آنا پڑیگا اکثر بیوی روٹھ کر میکے چلی جاتی ہے یا شوہر ناراض ہو کر کہیں باہر چلا جاتا ہے ان کیلئے اس عمل کو بجالائیں علاوہ اس کے مختلف مواقع سے اس عمل کا جائز استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس کو کرنے سے قبل اجازت حاصل کریں تا کہ محنت ضائع نہ ہو اور کوئی اس عمل کا عامل بننا چاہتا ہو تو اس کی زکات ادا کرے عامل ہو جائیگا پھر کسی دوسرے کیلئے بھی اس عمل کو بجا لائیگا تو کام ہو جائیگا۔ اللہ آپکو کامیابی عطا فرمائے۔ آمین

دعائے سیفی

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُکَ عَمِلْتُ سُوْٓءً وَّ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَا عْتَرَفْتُ بِذَ نْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِیْعاً کُلَّھَا فَاِ نَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ یَااَللّٰہُ

عمل ہمزاد

یہ عمل میرے مشاہدہ میں رہا ہے اور کئی تجربات کئے ہیں اس عمل کے کرنے کیلئے مجھ سے یا ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اجازت لینا ضروری ہے۔ یوں تو مارکیٹ میں ہمزاد کے نام پر مختلف کتابیں ہیں اور مختلف موضوعات ہیں مگر ہمارے تجربہ میں صرف یہ عمل زیادہ کارگر ثابت ہوا ہے۔ دوسرا یہ کہ بعض لوگ ہمزاد کو قابو پا لینے سے پہلے ہی اپنی نیت خراب کر لیتے ہیں۔ اس لئے کامیابی حاصل نہیں ہوتی ہے اور بعض لوگ عمل کرتے کرتے تنگ آ جاتے ہیں اس لئے کامیابی حاصل نہیں ہوتی ہے۔ لیکن جو بات ہمارے مشاہدہ میں آئی ہے وہ یہ ہے کہ ہمزاد کو قبضہ میں لانے کے لئے کم از کم چار چلے درکار ہیں اور مسلسل چاروں چلے اکٹھے کرنے ہوں گے یا پھر یوں سمجھ لیں کہ ایک سو پچاسی دن عمل کرنا ہوگا۔ پرہیز جلالی جمالی بھی بہت ضروری ہے ورنہ کامیابی نہیں ہوتی ہے۔ میری یہ درخواست ہے کہ جو بھی کوئی عمل ہمزاد کرے خواہ کوئی بھی ہمزاد کا عمل ہو اس کو کم از کم چار چلے کرنا ضروری ہے۔ ایک چلہ میں ہمزاد کبھی بھی ہاتھ نہیں آتا ہے بلکہ فائدہ ہونے کی بجائے رجعت طاری ہو جاتی ہے پھر جو کہ آسیب کی شکل اختیار کر جاتی ہے اور گھریلو کام کاج بالکل تباہ ہو جاتا ہے پھر عملیات سے دل اُچاٹ ہو جاتا ہے۔ پھر اُلٹا اُستادوں اور عاملوں کو بُرا بھلا بھی کہنا پڑتا ہے اس لئے ہم نے اپنے تجربہ کی بنیاد پر لکھا ہے لیکن ہو سکتا ہے کہ کوئی تین دن کے اندر بھی قابو کر سکتا ہو۔ ہم

اس چیز کو بھی مانتے ہیں کیونکہ دنیا رنگ برنگی ہے لیکن ہم صرف یہاں ایک چھوٹا سا عمل لکھتے ہیں مگر اس میں صرف بالمشافہ ملنا ضروری ہے۔

عمل کچھ اس طرح ہے کہ آیت **وَاللّٰہُ اَشَدُّ بَاساً وَّ اَشَدُّ فلاں بن فلاں تَنْکِیلاً** O فلاں بن فلاں کی جگہ پر اپنا نام لگانا ہے۔ اس آیت کے اعداد 1263 لے کر اس میں اپنے اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد جمع کریں پھر اس کو تین سے ضرب دیں جو حاصل ضرب ہو اس تعداد کے مطابق روزانہ بعد نماز عشاء بغیر پرہیز جلالی جمالی کے روزانہ پڑھیں۔ اس دوران صرف گوشت نہ کھائیں جھوٹ نہ بولیں۔ یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ اس میں ایک تو ہمزاد سامنے آجاتا ہے اور دوسرا پرہیز سے بچت ہوتی ہے۔ اگر خدانخواستہ ہمزاد سامنے نہ آئے تو پھر بھی آپ کے تمام کام کرے گا۔ اگر سامنے حاضر ہو جائے تو پھر بہت اچھی بات ہے ورنہ اتنا ہی کافی ہے اس طریقے پر بھی ہمزاد پورا پورا کام کرتا ہے۔ جب چار ماہ گزر جائیں تو پھر لوگ خود بخود آپ کو کہیں گے کہ تم ابھی اُدھر کھڑے تھے اتنی جلدی کدھر آگئے ہو۔ لیکن جوان کو ملے گا وہ آپ کا ہمزاد ہوگا۔

اس کے علاوہ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد آئینہ قد آور لیں اس کو علیحدہ کمرے میں لگالیں کمرے کو سفید رنگ کا چونا کرلیں۔ کمرے میں اور کوئی چیز موجود نہ ہو۔ آئینہ کے سامنے کھڑے ہو جائیں اور مندرجہ بالا طریقے پہ اپنے چہرہ پر نظر جما کر عمل شروع کریں اس طریقہ پر حصار پورے کمرے کو کریں اور پرہیز جلالی جمالی بھی ضروری ہے اور عمل ایک سو پچاس دن کرنا ہوگا۔ ان شاء اللہ دوسرے چلہ میں ہمزاد آپ کو نظر آنا شروع ہو جائے گا۔ جب مکمل طور پر ہمزاد آپ کے سامنے آجائے تو پھر آپ سوا کلو دودھ کی کھیر پکا کر پاس رکھیں۔ رات کو عمل کے دوران جب ہمزاد آپ کو کہے کہ کھیر مجھے کھانے کے لئے دیں تو آپ پہلے اس کے ساتھ قول وقرار کریں کہ جب میں تم کو بلاؤں حاضر ہو جایا کرو اور حاضر ہونے کا طریقہ بھی بتا دو تاکہ جس طریقہ پر حاضر ہوا کرو گے مجھے بلانے میں آسانی پیدا ہو جائے۔ جب وہ کھیر مانگے نہ دیں وہی کھیر صبح اُٹھ کر بچوں کو تقسیم کردیں شام کو پھر نئی کھیر تیار کریں عمل کا وقت ٹھیک رات ساڑھے بارہ بجے کا ہے۔ اس کے علاوہ ہرگز نہ کریں اور ضروری تاکید ہے کہ ادارہ کے چیف ایڈیٹر ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے اجازت کے بغیر عمل کیا گیا تو پھر نفع نقصان کے ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔ اکثر کتابوں میں آپ نے ہمزاد کو قبضہ میں لانے کے بعد میں طریقے پڑھے ہوں گے اس لئے اس جگہ فائدے لکھنے بے فائدہ ہوں گے۔ یاد رکھیں تسخیر ہمزاد آسان نہیں۔

دست غیب

تحریر:۔ عامل سلمان علی (ساہیوال)

قارئین تحفہ روحانیات پہلی بار آپ کیلئے کچھ لکھ رہا ہوں اُمید کرتا ہوں کہ اگر آپ بھائیوں نے حوصلہ افزائی کی تو آئندہ بھی لکھتا رہونگا۔ آج کی بزم میں دست غیب سے متعلق ایک نایاب عمل کے ساتھ حاضر خدمت ہوں کیونکہ مہنگائی کا دور ایسا لگتا ہے کہ ہر چیز دولت سے کریدی جاتی ہے رشتوں کی تو کوئی قدر ہی نہیں بس جس کے پاس پیسہ ہے وہی سب کچھ بنا پھرتا ہے۔ آج کے اس دور میں جس کے پاس دولت نہیں اُس کا کوئی نہیں۔ دولت ہر انسان کیلئے مسئلہ بنا ہوا ہے۔ یہ عمل دست غیب **یا بدوح** کا ہے اس اسم کے ہزاروں اسرار ہیں جس کو نصیب ہوں یہ عمل کرنے کے بعد آپ انشاءاللہ کسی کے محتاج نہیں رہیں گے۔ دولت کے انبار لگ جائیں گے یہ عمل ہزاروں عملوں سے بہتر ہے ساری زندگی خوشحالی میں گزرے گی۔

یہ عمل اسم **یا بدوح** کے موکل کا ہے بہت طاقتور عمل ہے۔ صرف 40 یوم کا عمل ہے روزانہ 3125 بار پڑھنا ہے اور **یا بدوح** کے 20 نقش لکھ کر آٹے کی گولیاں بنا کر چلتے دریا یا نہر میں ڈالنے ہیں۔ دوران عمل اگر موکلات کی نظر آئیں تو گھبرانے کی ضرورت نہیں وہ آپ کو کچھ نہ کہیں گے۔ عمل کے آخر میں جب نقش دریا میں ڈال رہے ہونگے تو ایک بزرگ سے ملاقات ہوگی اُس دوبارہ حاضری کا طریقہ دریافت کریں اور کوئی نشانی لے کر رخصت کردیں۔

عزیمت عمل

اجب یا جبرائیل بحق یا بدوح درمیان والے خانہ میں جہاں مقصد لکھا ہے وہاں پر اپنا مقصد لکھیں۔ نقش کے آخر میں بحق یا بدوح دست غیب جاری کریں۔ اس کی اجازت ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے حاصل کریں۔

۳	۱۶	۱
۱۵	مقصد	۵
۲	۴	۱۴

نوٹ:۔ دوران عمل پرہیز جمالی و جلالی کریں کمرہ پاک و صاف رکھیں روزانہ غسل کرکے کمرہ میں خوشبو بھی لگائیں بخورات جلتا رہے دوران عمل کسی سے نہ تو بات کریں اور نہ ہی کچھ کھائیں پئیں۔

علم جفر اور بنیادی اصول

قسط نمبر 26

حروف تہجی کے عملیات

تحریر
سید حیدر رضا حیدری
(کوئٹہ)

قارئین تحفہ روحانیات پچھلے ماہ حروف کے ذریعے چند امراض کے علاج بارے بتایا تھا اپنے اُسی سلسلہ کو مزید آگے بڑھا رہا ہوں اُمید کرتا ہوں کہ قارئین پہلے کی طرح حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

امراض شکم

دردشکم، ناف کا ٹلنا، آنتوں کی دق، گردے، مثانے کی تمام تکالیف، میں یہ نقش ساعت زہرہ میں لکھ کر پیٹ پر باندھیں اور یہی نقش پلیٹ میں لکھ کر پلائیں۔ انشاءاللہ بہت جلد افاقہ حاصل ہوگا۔

اجب یا سرحمائیل بحق یانی

ف	ص	ق	ر
ر	ق	ص	ف
ص	ف	ر	ق
ق	ر	ف	ص

اجب یا ھجائیل بحق صاد

اجب یا اموائیل بحق ر

امراض پائے راست

داہنی ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی بیماری، تکلیف، عرق النساء رانگن کے درد وغیرہ میں ساعت عطارد میں لکھ کر ران میں بندھوائیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اجب یا ھمزائیل بحق شین

ش	ت	ث	خ
خ	ث	ت	ش
ت	ش	خ	ت
ت	خ	ش	ث

اجب یا عزرائیل بحق ث

اجب یا ھکمائیل بحق خ

امراض پائے چپ

بائیں ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف بائیں پاؤں میں رانگن کا درد، جوڑوں کا درد وغیرہ میں ساعت قمر میں لکھ کر بائیں ران میں باندھنے کو دیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اھرائیل بحق ذال

ذ	ض	ظ	غ
غ	ظ	ض	ذ
ض	ذ	غ	ظ
ظ	غ	ذ	ض

اجب یا عطمائیل بحق ضاد

اجب یا لموفائیل بحق غین

دوسرا طریقہ علاج

حروف آتشی: ۔ الف، ھا، طا، میم، فا، شین، ذال، یانار کونی بردا وسلاما

حروف آبی: ۔ حیم، زا، کاف، سین، قاف، ثا، ظا، سلام علی نوح فی العالمین۔

حروف بادی: ۔ با، واد، یا، نون، صاد، تا، ضاد، سلام قولاً من رب رحیم۔

حروف خاکی: ۔ دال، حا، لام، عین، را، خا، غین، سلام علی موسی وھارون۔

یہ حروف حکیم کے مشورے سے دینا زیادہ بہتر ہے کیونکہ حکیم علاج بالضد کرتے ہیں کہ سردی اور تری میں گرم وخشک دوائیں استعمال کراتے ہیں اور گرمی وخشکی میں سرد تر، اسی مناسبت کو پیش نظر رکھ کر حروف سے فائدہ اٹھایا جائے۔ ورنہ آپ کے لئے آسان تدبیر یہ ہی ہے کہ بالمثل ہی علاج کریں یعنی بخار اور گرمی کی وجہ سے تکلیف ہو تو حروف آتشی دیں کہ آخر میں

جوعبارت زیادہ کی گئی ہے وہ گرمی اور صفرے کو مزید بڑھائے گی نہیں۔ بلکہ سلامتی کے ساتھ اعتدال پر لے آئے گی۔

حروف کے ذریعے حصول کشف

ان مفرد حروف سے بیک وقت کئی فائدے حاصل ہوتے ہیں اور ان سے فوائد حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ تو جب ہم غور کرتے ہیں تو ہر حرف دو حیثیت سے ہمارے سامنے آتے ہیں۔ پہلی حیثیت مکتوبی، دوسری ملفوظی۔ مکتوبی ابجداد اور ملفوظی۔ یہ الف، باء، جیم، دال ہر حرف کے دو موکل ہیں۔ ایک ظاہری، دوسرا باطنی۔ موکل ظاہری کو صفائی بھی کہہ سکتے ہیں۔ اور موکل باطنی کو ذاتی۔

مکتوبی (ا) کا موکل باطنی اسرافیل اور موکل ظاہری آئیل ہے۔ بااعتبار ملفوظی ''الف'' کے موکل چھ ہوں گے۔ الف کے ۲، لام کے ۲، ف کے ۲۔ ہر ایک کا نام کئی کئی حروف سے مرکب ہوتا ہے۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے۔ اس میں ۹ حروف مکتوبی ہیں۔ اس میں سے مکرر حروف الگ کئے تو بچے۔ ا، ق۔ ب، ل، ح، م، د۔ تخلیص شدہ کل سات حروف ہیں۔ ان کے موکل ہوئے ۱۴۔ اور اگر اپنے نام کو ملفوظی کیا تو یوں ہوا۔ الف، ق، ہا، الف، لام، الف، حا، میم۔ وال۔ کل مجموعہ ہوا ۲۵ اور مکرر حروف گرائے تو کتنے رہے۔ ا، ل، ف، ق، ب، م، ح، ی، د۔ کل ۹ حروف جن کے موکل ظاہر و باطنی ۱۸ ہوئے اور صاحب جواہر خمسہ نے دعوت حروف کے تین طریقے درج فرمائے ہیں۔ اوّل بااعتبار مرکز اور مدار حاصل کرے اور بااعتبار بنیان اسمائے الٰہی استخراج کر کے ملا کر دعوت دے یہ سب سے قوی تر ہے۔ مگر یہاں تو صرف مفرد حروف کے فوائد سے متاثر کر کے اہل اسلام کو اسمائے باری تعالیٰ اور آیات قرآنی و اعمال احادیث کا شوق دلانا اور اعتقادی پختگی پیدا کر کے ان بیش بہا خزانوں سے مالا مال کرنا ہے۔ اس لئے آسان طریقے پر فائدہ حاصل کرنے کا ذریعہ بتا دینا چاہتا ہوں۔ اعداد ملفوظی اس طرح نکلتے ہیں مثلاً (ہے) اس کے ہجے میں تین حروف ہیں۔ ا۔ل۔ف۔ الف کا ایک، لام کے تیس (۳۰)، ف کے اسی (۸۰)۔ کل ۱۱۱ ہوئے۔

بلڈ پریشر کا خاتمہ

بلڈ پریشر کے خاتمہ کیلئے ادارہ روحانیات میں ایک خاص رنگ فنگر (چھلا) تیار کی گئی ہے۔ جس کے استعمال سے بلڈ پریشر فوری ختم ہو جاتا ہے اور تاحیات یہ مرض دوبارہ نہیں پیدا ہوتا۔

ہدیہ 500 روپے

لوح نادعلیؑ

خاص ایام میں تیار کردہ

لوح نادعلیؑ کے فضائل، برکات، تجلیات، کرشمات، انوارات سے کون شخص واقف نہیں دعائے نادعلیؑ کا ورد خاص اس لوح کی تاثیر میں مزید اضافہ کر دیتا ہے۔ لوح نادعلیؑ کی برکت سے زندگی میں وہ سکون اور روحانیت میسر آتی ہے جس کے حصول کے خاطر انسان لاکھوں کروڑوں بھی خرچ دے تو نہ ملے۔ لوح نادعلیؑ قدرت کا ایسا انعام ہے جس کو لفظوں میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔

ہدیہ 4200 روپے

لوح فتحنامہ خاص جعفری کرشمہ

وہ لوگ جو کہ مالی مشکلات کا شکار ہیں گھریلو لڑائی جھگڑا، بے روزگاری سے نجات، ملازمت میں ترقی چاہتے ہیں، رزق میں برکت نہیں، کاروبار چلتے چلتے بند ہو گیا ہو، تنگ دستی کی وجہ سے بدحال ہوں، آئے روز نئی پریشانیاں کھڑی رہتی ہوں ان تمام مسائل کا حل آپ کے نام سے تیار کردہ لوح فتحنامہ خاص میں پوشیدہ ہے۔ اس لوح کے پاس رکھنے سے وہ کامیابیاں ملتی ہیں جن کا آپ نے کبھی تصور بھی نہ کیا ہو۔

ہدیہ
لوح فتحنامہ خاص 4200 روپے

اسم اعظم مع لکی نگینہ

اگر کوئی بھی شخص اپنے اسم کا درست ورد کر لے تو ایسا شخص بادشاہوں والی زندگی گزارتا ہے اور اگر کسی شخص کو اس کے نام کا اسم اعظم اس کے لکی نگینے پر لکھا ہوا مل جائے تو ایسا شخص بادشاہوں سے بھی عالیشان زندگی گزارتا ہے۔

ادارہ روحانیات کی جانب سے آپکے لکی نگینے پر آپکا اسم اعظم کندہ کرنے کا خاص انتظام کیا گیا ہے۔ جو کہ خاص ورد کے بعد خاص اوقات میں کندہ کیے جاتے ہیں۔ اپنا لکی نگینہ مع اسم اعظم منگوانے کے لئے 4200 روپے کا ہدیہ ادارہ کے نام جاری کریں۔

مجرب حاضرات

تحریر
خضر عباس بیاسی
(راجن پور)

قارئین تحفہ روحانیات! گزشتہ ماہ اپنا پرانا سلسلہ مجرب حاضرات کے عنوان سے دوبارہ شروع کیا جس کو قارئین نے بے انتہا پسند کیا۔ اب اسی سلسلہ کو مزید بڑھاتے ہیں۔

حاضرات موکل سورۃ الفجر

سورۃ الفجر کے موکل تطظائیل کی حاضرات کیلئے عروج ماہ پیر کے دن سے بعد نماز عشاء سورۃ الفجر کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم ۴۱ مرتبہ پڑھیں۔ جب سورۃ ختم کریں تو اس کے بعد عمل حاضرات ۷ مرتبہ پڑھیں۔ بعد عمل بارگاہ رب العزت میں دعا مانگیں انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد مذکورہ بالا موکل کی تسخیر ہوگی بعد چلہ حاضرات کریں۔ حاضرات ضرور ہوگی حاضرات حاضر ہونے پر اپنے مقصد کے مطابق موکل سے سوالات کریں سو فیصد درست جواب ملیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اقسمت علیکم و عزمت علیکم اجب یا تطظائیل حاضر کرو حاضرات بحق بحرمت سورۃ الفجر بحق سلیمان بن دائود علیہ السلام بحق محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)



حاضرات موکل سورۃ البلد

قارئین تحفہ روحانیات میں آپ کیلئے حاضرات کا ایک اور عمل پیش کر رہا ہوں اُمید کرتا ہوں کہ آپ کو یہ حاضرات کا عمل پسند آئیگا۔ عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد نماز عشاء سورۃ البلد کے موکل رمطائیل کی حاضرات کیلئے سورۃ البلد کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم ۴۱ مرتبہ پڑھیں بعد سورۃ ۷ مرتبہ عمل حاضرات پڑھیں۔ بعض اوقات شروع دن سے عجیب و غریب واقعات شروع ہو جاتے ہیں۔ آپ بالکل نہ گھبرائیں یہ صرف عمل میں رکاوٹ پیدا کرنے کیلئے ہوتے ہیں۔ بعد چلہ بذریعہ نقش بچے یا بچی پر حاضرات کریں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جب موکل حاضر جائے تو اس سے عہد و پیمان کرلیں اور ہمیشہ اس کی پابندی کریں۔ پھر اپنے مقصد کے مطابق سوالات کریں ۱۰۰ فی صد درست جواب ملیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آپ کو ہر کام میں یہ موکل آپ کی مدد کرے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اجب یا رمطائیل بحق سورۃ البلد حاضر کرو حاضرات سب حکم میں دوھائی پنجتن پاک



حاضرات موکل سورۃ الشمس

اگر آپ سورۃ الشمس کو عروج ماہ میں پیر کے دن سے بعد نماز عشاء اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم ۴۱ مرتبہ پڑھیں۔ سورت ختم ہونے پر ہر مرتبہ ۷ مرتبہ عمل حاضرات پڑھیں تو انشاءاللہ تعالیٰ موکل غظمطائیل کی حاضری ہوگی۔ یہ موکل سورۃ مذکورہ بالا کا خادم ہے اس کے ماتحت ۷۰ ہزار موکلات ہیں۔ جو دعوت کرنے والے عامل کی بھرپور مدد کرتے ہیں۔ بعد چلے بچے یا بچی پر حاضرات بذریعہ نقش کریں۔ حاضرات کا نزول ہوگا۔ حاضرات حاضر ہونے پر اپنے مقصد کے سوالات کریں سو فیصد درست جواب ملیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥اقسمت علیکم یا غظمطائیل عزمت علیکم یا غظمطائیل حاضر کرو حاضرات بحق بحرمت سورۃ الشمس الوحا العجل الساعۃ



حاضرات موکل سورۃ اللیل

موکل جفرائیل جو کہ سورت اللیل کا موکل ہے اس کی حاضرات کیلئے عروج ماہ میں پیر کے دن سے مذکورہ بالا سورت بعد نماز عشاء اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم ۴۱ مرتبہ پڑھیں یاد رہے جب سورت ختم ہو تو ۷ مرتبہ عمل حاضرات پڑھیں۔ بعد چلہ حاضرات کریں انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد حاضری ہوگی۔ جب موکل حاضر ہو شرائط طے کریں پھر اپنے مقصد کے سوالات کے جواب طلب کریں درست جواب ملیں گے۔ یاد رہے موکل کے ساتھ جو شرائط طے ہوں ان پر سختی سے عمل کریں تاکہ آپ موکل سے ہر جائز کام کروا سکیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥عزمت علیکم و اقسمت علیکم برب الملائکۃ المقربین اجب یا جغرائیل سآمعا مطیعا بحق بحرمت سورۃ اللیل بحق سلیمان بن داود علیہ حاضر کرو حاضرات حاضر کرو حاضرات

بحق جبرائیل	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بحق عزرائیل
	ا ل ل ہ ا ل م ع ط ی	
	لا اللہ لا	
	اللہ اللہ	
	لا اللہ لا	
	ا ل ل ہ ا ل ق ا د ر	
بحق اسرافیل	الحیی القیوم	بحق میکائیل

طلسم خاص اولاد نرینہ

ہر شادی شدہ فرد کی خواہش ہوتی ہے کہ اُسے جلد سے جلد اولاد نرینہ حاصل ہو لیکن عرصہ دراز تک یا تو اولاد نہیں ہوتی یا پھر اولاد نرینہ کی خواہش دل میں رہتی ہے جس کی وجہ سے ایسے خواہشمند حضرات کے ہاں بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوتی رہتی ہیں یہ قانون قدرت ہے لیکن حکمت سے اپنی اس خواہش کو خاص طریقہ سے بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے پورا کیا جا سکتا ہے وہ لوگ جو کہ اب تک اولاد نرینہ سے محروم ہیں مجرب طلسم خاص برائے اولاد نرینہ کے ذریعے اپنی اس خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

ھدیہ 7200 روپے

نایاب الرّمل

قسط نمبر 16

تحریر
رمال ملک اویس جعفری
(ہارون آباد)

قارئین تحفہ روحانیات ! آپکو رمل کے بارے میں بتاتے ہوئے مجھے کافی عرصہ بیت چکا ہے اس عرصہ میں جتنی محبت مجھے آپ لوگوں سے ملی یہ میں کبھی نہیں بھول سکتا۔ اب میں آتا ہوں اپنی نئی قسط کی جانب جسکا آپ سب کو بے تابی سے انتظار رہتا ہے۔

سوال: ۔سائل نے سوال کیا۔ میں جو بھی کاروبار کرتا ہوں وہ نہیں چلتا اس کی کیا وجہ ہے؟

اس سوال کا جواب حاصل کرنے کے لئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کے تحت اس کا حل ہدیہ نظر ہے۔



خانہ ششم کا تعلق نوکری اروزگار وغیرہ سے ہے۔ شکل جماعت آئی ہے تکرار اس کا خانہ نہم میں ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائل کا کاروبار بند ہے اور بندش کے اثرات سائل کے اوپر ہیں۔ یہ بندش کس نے کی ہے اس کے لئے خانہ چہارم کو دیکھو۔ شکل انکیس آئی ہے جو کہ قبر سے منسوب ہے۔ بیان کیا کہ سائل کے گھر میں کوئی قبر ہے اور سائل اس کی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔ سائل کا اپنے بھائی بہنوں سے بھی اختلاف ہے اور سائل کی بیوی بھی بدچلن ہے۔ سائل کا اس سے ہر وقت جھگڑا رہتا ہے۔

سوال:

سائل نے سوال کیا۔ گھر میں سکون نہیں میرا دل گھر میں نہیں لگتا کیا مجھ پر کسی نے جادو سحر کیا ہوا ہے؟

قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ بنا۔ قواعد بالا کے تحت اس کا حل پیش خدمت ہے۔

چونکہ سائل کا سوال گھر کے بارے میں ہے۔ اس کے لئے خانہ چہارم کو دیکھا شکل جماعت ☰ آئی ہے۔ یہ شکل بندش سے منسوب ہے۔ بیان کیا کہ سائل کے گھر میں جادو سحر کے اثرات کی وجہ سے بندش ہے۔ اس لئے سائل کا دل گھر میں نہیں لگتا۔ سائل میں حد درجہ روحانیت پائی جاتی ہے۔



شکل طالع کا عکس خانہ چہارم میں ہے۔ یہاں پر شکل آ کر مردہ ہوگئی ہے۔ سائل کسی بے احتیاطی کے سبب رجعت کا شکار ہے۔ سائل کی بیوی اور بچوں پر بھی اثرات ہیں۔ سائل کی بیوی اور بچوں کو سائے نظر آتے ہیں اور وہ ڈرتے ہیں۔ اُن کا بھی گھر میں دل نہیں لگتا۔ سائل کی بیوی اور دو بچوں کے سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں۔ سائل کی بیوی پر حاضرات بھی ہوسکتی ہے۔

سوال: ۔سائل نے سوال کیا کہ میری بیوی بیمار ہے۔ اس کو مرض جسمانی ہے یا کہ روحانی؟

اس سوال کے جواب کے لئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا قواعد بالا کے تحت اس کا حل پیش کیا جاتا ہے۔



جدہ نیوز ایجنسی ،توپانوالہ چوک ڈیرہ اسماعیل خان 0333-9964049 ادارہ روحانیات

ساتواں خانہ جو کہ سائل کی بیوی کا ہے۔شکل جماعت ☰ آئی ہے۔تکرار اس کا خانہ چہارم میں ہے اور خانہ ششم میں شکل حمرہ ☶ آئی ہے۔جس کا تعلق جنات سے ہے۔سائل سے بیان کیا کہ آپ کی بیوی کا مرض جسمانی نہیں بلکہ روحانی ہے۔اس پر جنات کے اثرات ہیں۔

سوال: ۔سائل نے سوال کیا کہ میرے گھر میں سکون نہیں ہے اور مجھے ڈر خوف لگتا ہے،اس ڈر خوف کی کیا وجہ ہے:



قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔سائل کا سوال گھر کے بارے میں ہے۔خانہ چہارم میں شکل حمرہ (☶) آئی ہے جو کہ جنات سے منسوب ہے ۔تکرار اس شکل کا خانہ ہشتم میں ہے۔اس خانے کا تعلق ڈر خوف سے ہے بیان کیا کہ آپ کا گھر آسیبی ہے۔جس کی وجہ سے آپ کو ڈر خوف لگتا ہے۔

سوال: ۔سائل نے سوال کیا کہ ہمارے گھر لڑائی جھگڑا ہوتا ہے۔ہر کام میں رکاوٹ ہے میری منگنی بھی ٹوٹ گئی ہے۔اس کی کیا وجہ ہے؟



قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا اس سوال کے تحت جو زائچہ بنا۔قواعد بالا کی رُو سے اس کا حل یہ ہے۔

سائل کا سوال چونکہ گھر کے متعلق ہے،خانہ چہارم میں شکل انکیس ☲ ہے۔جو کہ قبر سے منسوب ہے۔سائل کو بتایا گیا کہ آپ جس گھر میں رہتے ہیں وہ جگہ ٹھیک نہیں ہے۔آپ کے گھر کے نیچے کوئی قبر یا قبرستان ہے۔جس کی وجہ سے آپ بندش کا شکار ہیں۔سائل نے یہ بات تسلیم کی اور بتایا کہ ہم نے گھر میں ایک جگہ کمرہ تعمیر کیا تھا اور دوران کھدائی نیچے ہم نے قبریں دیکھی ہیں۔سائل کے بھائی بہن بھی پریشان ہیں اور وہ سائل سے عداوت بھی رکھتے ہیں اور سائل کو دیکھنا بھی گوارہ نہیں کرتے۔سائل کی شادی میں رکاوٹ ہے۔بات بن کر ختم ہو جاتی ہے۔

کیفیت: مکان۔جگہ،دکان،حویلی،ہوٹل،فیکٹری وغیرہ۔

اصول و قواعد:

اگر خانہ چہارم میں یہ اشکال ☲، ☵ ہوں۔تو وہ گھر یا جگہ آسیبی ہے اور یہ گھر یا جگہ خریدنا منحوس ہے۔

اگر خانہ چہارم میں انکیس ☲ یا عقلہ ☶ آئے تو اس مکان کے نیچے قبر ہے یا قبرستان ہے۔ہماری تحقیق کے مطابق تشخیص اس کی اس طرح ہوگی کہ اگر اس مکان سے سیاہ رنگ کے سانپ نکلتے ہوں یا نظر آ کر غائب ہو جاتے ہوں تو یقیناً اس مکان میں خزانہ مدفون ہے۔اگر سفید رنگ کا سانپ ظاہر ہو تو پھر کسی بزرگ کی قبر ہے اور یہ مکان یا جگہ خریدنا نہایت ہی مبارک ہے۔

اگر خانہ چہارم میں اجتماع (☵) یا طریق ☵ آئے۔تو اس مکان میں کسی ذی روح کے اثرات ہیں اور وہ جگہ یا گھر بھاری ہے۔یہ گھر خریدنا کسی طرح بھی اچھا نہیں ہے۔کیونکہ ایسے مکانوں میں رہنے والوں کی زندگی عذاب بن جاتی ہے اور وہ بندش کا شکار ہو جاتے ہیں۔

اگر خانہ چہارم میں ☰ آئے۔تو جادو سحر کیا اثرات اس مکان میں ہیں۔

خانہ چہارم کا تعلق سائل کے گھر کے دروازے کے ساتھ ہے۔اور سمت مشرق سے منسوب ہے۔خانہ سوئم کا تعلق سائل کے گھر سے جنوب کی طرف تھے۔خانہ پنجم کا تعلق سائل کے گھر سے شمال کی طرف ہے۔خانہ دہم کے سائل کے مکان کا عقب ہے اور سمت مغرب سے منسوب ہے۔

ویسے رمل کے سارے خانے اہم ہیں۔جن کا تفصیل سے ذکر گذشتہ اسباق میں کیا گیا ہے۔کمین خانہ چہارم نہایت ہی اہم ہے۔جس کا یہاں پر ذکر کیا جا رہا ہے۔



حقیقت کالا جادو

تحریر:۔ رضوان حسین شاہ (ملتان)

محترم دوستو! آج کے اس دور میں ہر شخص نفس کے ہاتھوں مجبور ہے حسد کی آگ میں اس قدر جل رہا ہے کہ اپنے سوا کوئی دوسرا شخص نظر نہیں آتا برائی در برائی حادثات کو جنم دیتی ہے۔ ظلم اور زیادتی بڑھتی جاتی ہے۔ برائی کا سب سے گرا ہوا درجہ حسد، غرور، تکبر یعنی کالے جادو کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔ جادو کی طاقت اس قدر زیادہ ہوتی ہے کہ بڑے سے بڑے نبی بھی اس کی طاقت سے نہ بچ سکے۔ حضرت موسیٰؑ سے حضرت محمد ﷺ تک یہ جادو کیا گیا اور اس جادو کے اثرات سے دونوں نبی بہت متاثر ہوئے جادو میں ایسے اثرات پائے جاتے ہیں جس سے بیماری جنم لیتی ہے اس کے علاوہ بنے ہوئے کام بگڑ جاتے ہیں یہاں تک کہ بعض اوقات موت بھی واقع ہو جاتی ہے۔ جادو کی وجہ سے متاثر اپنے اندر ہونے والے توڑ پھوڑ کے ردعمل کو محسوس کرتا ہے جادو کے اثرات کئی طریقوں سے پیدا کئے جاتے ہیں کبھی کالا جادو، کالی طاقتوں، دیوی دیوتاؤں کو خوش کر کے انکو بھینٹ چڑھا کر کالی قوت حاصل کی جاتی ہے تو کبھی ان کالی قوتوں کی تعریف کر کے اپنی زبان میں اثر پیدا کیا جاتا ہے۔ جادو کرنے والا یا ان قوتوں کو حاصل کرنے والا اپنے تئیں بڑا فخر اور خوشی محسوس کرتا ہے۔ کالی طاقت کے حصول کے بعد اس کے مزاج دوسروں سے الگ ہو جاتے ہیں بات میں تکبر اور غرور کا عنصر غالب آ جاتا ہے۔ جب کہ درحقیقت وہ شیطان جیسی زندگی گزار رہا ہوتا ہے۔ الفاظوں کا ردھم ان طاقتوں کی خوشی حاصل کرنے کیلئے اس طرح ترتیب دیتا ہے کہ وہ طاقتیں بہت جلد اپنی قوتوں کے ساتھ حاضر ہو جاتی ہیں۔ شیاطین کے مختلف روپ ہیں تعریف کیلئے اتنا ہی اثر کافی ہے کہ ہم جب کسی ایک انسان کی کچھ تعریف کر دیں جس میں معمولی خاصیت پائی جائے تو وہ اپنے آپ کو بہت زیادہ طاقت اور قوت والا محسوس کرتا ہے مگر ہر بار اُسکی جب تعریف کی جائے یا اُس سے متعلق تعریفی کلمات اُس کے سامنے دہرائیں جائیں تو اسی قدر وہ اپنے آپ کو دوسروں سے زیادہ طاقتور اور جدا محسوس کرتا ہے یہی حالت اور اثر کالی قوتوں اور اُسکے ماننے والوں کی ہوتی ہیں۔

لطیف اور کثیف دو ایسے عنصر ہیں جنہیں روحانیت سے دلچسپی رکھنے والے افراد باخوبی جانتے ہیں۔ دراصل لطیف مادہ حساسیت ہے جسے چھوا نہیں جاسکتا صرف محسوس کیا جاسکتا ہے لیکن جس عنصر یا جس کثافت سے یہ احساس ظاہر ہوتا ہے یا برآمد ہوتا ہے اُسکو ہم چھو بھی سکتے ہیں اور وہ جسم بھی رکھتا ہے۔ مثال کے طور پر آگ لکڑی سے پیدا ہوتی ہے ہمیں لکڑی بھی نظر آتی ہے اور آگ بھی مگر آگ کی حساسیت انتہائی گرم اور آتشی ہے لہذا جب بھی ہم کوئی شے آگ کے قریب رکھیں گے تو گرمائش کا احساس ہوگا کہا جائیگا کہ آگ کی حساسیت اور اس کا لطف گرم ہے۔ جیسا کہ انسان میں جوش اور ولولہ زیادہ ہو تو جسم میں گرمائش کا احساس زیادہ ہو جاتا ہے۔ ہاتھ اور پاؤں گرم ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح اگر ٹھہراؤ کا عنصر غالب آ جائے یا سرد لہریں اُسکے جسم سے گزریں تو یہی گرم ہاتھ پاؤں سرد ہو جاتے ہیں۔

کالے جادو سے کام لینے والے حضرات ایسی آگ سے کھیل رہے ہوتے ہیں جس میں وہ خود جل کر بھسم ہو جاتے ہیں ظاہر ہے کہ آگ سے جل کر بھسم ہونے والوں کا نام ونشان بھی باقی نہیں رہتا اس کے برعکس نور خدا قرآن حکیم فرقان مجید کی آیت مبارکہ سے کام لینے والے افراد کی زندگی میں انتہائی ٹھہراؤ اور نور ہی نور ہوتا ہے یہ افراد اتنے ٹھنڈے اور سرد مزاج ہوتے ہیں کہ کسی کی جانب سے زیادتی کرنے پر بھی اُسے معاف کر دیتے ہیں جبکہ اُس شخص سے بدلہ لینے کی قوت اور طاقت بھرپور رکھتے ہیں ایسے لوگ ہمیشہ قائم ودائم رہتے ہیں کیونکہ سردی سے ہر چیز منجمد ہو جاتی ہے۔ کالی قوتوں سے کام لینے والے افراد کا نام ونشان باقی نہیں رہتا جبکہ اولیاء اللہ صوفیاء کرام کے مزارات ودربار اور اُنکے واقعات آپکو جگہ جگہ نظر آئیں گے۔

قارئین مکرم سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا کبھی انہوں نے کسی شیطان کے غلام کی کوئی نشانی دیکھی اُسکے مرنے کے بعد؟ یا کوئی ایسی تعمیر جس سے اُسکی شیطانی قوتوں کو احساس اور بھرم ظاہر ہو سکے۔ ایسا ہم نے تو کبھی نہیں دیکھا ہاں ایک بات ضرور ہے کہ شیطان کے غلاموں اور اُسکے پجاریوں کو اللہ تعالیٰ نے نشان عبرت ضرور بنا دیا جیسا کہ فرعون وغیرہ۔

محترم قارئین سے ملتمس ہوں کہ ہمیشہ رضائے الٰہی کی خاطر کلام الٰہی کو اپنا مشعل راہ بنائیں تاکہ مرنے کے بعد بھی زندہ رہیں کیونکہ موت صرف جسم کو آتی ہے کسی بھی شخص کے کردار یا روح کو موت حاصل نہیں ہوتی روحانی درجات کا اثر روح پر ہوتا ہے خیالات پر ہوتا ہے اس کے وہمات پر ہوتا

ہے۔اسلئے ایسے لطیف احساسات کو کبھی موت نہیں آتی

مشہور ہے کہ جیسے آپ ﷺ پر جادو کا وار کیا گیا اور اسکے اثرات ایسے ظاہر ہوئے کہ آپ نبی کریم ﷺ یہ خیال فرماتے کہ مجھ سے فلاں کام انجام ہو چکا ہے جبکہ وہ کام آپ ﷺ نے انجام نہ دیا ہوتا۔(صحیح بخاری جلد دوئم)

دراصل جادوگر اپنے وہم پر حقیقت کا غلاف اس قدر مضبوطی سے چڑھا لیتا ہے کہ اُسکا وہ وہم کالے عمل کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔اب یہ جادوگر اپنے وہم کو مزید طاقت دینے کیلئے اپنے دشمن کے تصوراتی پتلے بناتا ہے اور پھر بعض اوقات مٹی یا کپڑے یا لکڑی کی مدد بھی ایسے پتلے تیار کئے جاتے ہیں جس سے اسکا وہم اور تصور مزید پختہ ہو جاتا ہے۔کالی طاقتوں کی تعریف میں بھجن یا نظم یا تعریفی اشعار کو بار بار پڑھتا ہے جس وجہ سے اُسکا وہم خیال سے بڑھ کر عمل کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے اور بلا آخر وہ عمل تحریک کو جنم دیتا ہے۔تحریک لفظ حرکت سے ترتیب دیا گیا ہے وہم اچھا ہوگا تو اُسکی حرکت بھی اچھی ہوگی مزید براں کہ تحریک انجام کو جنم دیتی ہے۔لہذا کالی طاقتوں سے جنم لیا گیا وہم کا انجام بھی کالا ہوتا ہے سیاہ اور تاریک ہوتا ہے۔جو کہ دوسرے شخص کی زندگی میں بھی تاریکی، وہم، خدشہ، خوف کو جنم دیتا ہے۔جادوگر کے یہ اثرات سب سے پہلے اپنے دشمن کی روح کو متاثر کرتے ہیں۔روح کے کمزور ترین حصہ کو متاثر کرنے کے بعد جادوگر کے وہ اعمال جسمانی طور پر اُس مریض کے اُسی جسمانی حصہ کو بھی متاثر کرتے ہیں جو کہ اُس شخص کے روح کا کمزور ترین حصہ ہوتا ہے۔لہذا طے یہ پایا بہت سے ایسے مریض عملی زندگی میں دیکھنے کو ملے ہیں جو کہ ڈاکٹر اور حکیموں سے علاج کروانے کے باوجود بھی صحت یاب نہ ہو سکے یا مرض کی درست تشخیص نہ ہو سکی یا دوائیوں کے اثرات بے اثر ثابت ہوئے اس کی بنیادی وجہ یہی ٹھہری کہ جہاں سے جسم کا مرض شروع ہوا یعنی کہ روح کو چھوڑ کر جسمانی علاج کی طرف توجہ دی جارہی ہے۔ایسے مریض کا سب سے پہلے روحانی علاج کیا جائے تو اُس پر جسمانی علاج کے اثرات بھی ظاہر ہونگے کیونکہ روح کے بعد جسم متاثر ہوا ہے یہی وجہ ہے کہ روحانی علاج کے ساتھ ساتھ جسمانی علاج بھی ضروری ہے۔بعض اوقات یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ علم روحانیت سے دلچسپی اور ایمان رکھنے والے افراد صرف اور صرف مریض کا روحانی علاج کروانے کی جانب توجہ دیتے ہیں، جسمانی مرض کو روحانی طریقہ علاج سے ختم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔جبکہ یوں کرنا چاہیے کہ مریض کو جسمانی علاج کی بھی ہدایت کی جائے اور خود روحانی علاج جاری رکھیں۔یعنی اُن کالی طاقتوں سے جنگ قرآن پاک کی معجزاتی آیت مبارکہ سے اُن قوتوں کا مکمل خاتمہ کیا جائے کہ متاثرہ شخص یا مریض کو شیطانی اور کالی قوتوں سے مکمل نجات مل جائے۔مختصریوں کہہ لیں دوا کے ساتھ دُعا کی بھی ضرورت ہے۔

یہ بھی بات کسی حد تک درست ہے کہ روحانی معالجین کے پاس آنے والے تمام کے تمام مریض کالے علم، اثرات بد، جادو، حسد، نظر بد سے متاثر شدہ نہیں ہوتے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ ڈاکٹر یا حکیم کے پاس لائے جانے والے تمام کے تمام مریض جسمانی امراض میں مبتلا نہیں ہوتے۔ضروری ہے کہ درست طور پر متاثرہ شخص کے مرض کی تشخیص کی جائے بلا آخر وجہ کیا ہے اگر جسمانی مرض ہے تو ایسے مریض کو سختی سے ڈاکٹر یا حکیم سے علاج کروانے کی ہدایت کی جائے ہاں یہ الگ بات ہے کہ معالج مخلصانہ یا ہمدردانہ طور پر مریض کی صحت یابی کیلئے دُعا بھی ضرور کرے۔اکثر و بیشتر مشاہدہ میں یہ بات بھی آئی ہے کہ ڈاکٹر صاحبان نے کئی بار مریض کو روحانی علاج کا مشورہ دیا مگر نوے فیصد تعلیم یافتہ ڈاکٹر حضرات روحانی علاج کے قائل نہیں۔میرے پاس کئی ایسے بھی مریض لائے گئے جنہیں ڈاکٹر حضرات نے جواب دے دیا کہ ہم علاج کرنے کے بعد تھک گئے ہیں مگر کلام الٰہی کی برکت سے روحانی علاج کیا گیا تو چند دنوں یا ہفتوں میں وہ مریض صحت یاب ہو گیا کالی طاقتوں سے نجات کیلئے صدقہ کا اہتمام ضروری کریں کیونکہ صدقہ رد بلا ہے۔صدقہ کی برکت سے بڑی بڑی مصیبتیں ٹلتی ہوئی دیکھی ہیں۔ہر مرض کا صدقہ مریض کی بگڑتی ہوئی روحانی حالت کے پیش نظر بتایا جاتا ہے۔

محترم دوستو! جادو کے اثرات سے متعلق ہم نے جسمانی و روحانی کیفیات کا ذکر کیا حسد کی آگ میں جلنے والے لوگ کالے علم کے جادو گروں سے کاروبار، مکان، فیکٹری، کارخانہ یا مل کو بھی تباہ و برباد کروا دیتے ہیں۔کئی خاندان اجڑتے ہوئے دیکھے جو کہ پہلے خوشحال تھے جادوگروں کی وجہ سے بدحال ہو گئے لہذا جادو کی کئی قسمیں ہیں نبیوں پر جو جادو کیا گیا وہ وہمات کی شکل میں کیا گیا تھا جس کا ثبوت ہمیں سورۃ الناس کی آیت مبارکہ

من شر الوسواس الخناس

ترجمہ:۔یعنی وسوسے ڈالنے والوں کے شر سے۔

من شر الحاسد اذا حسد

ترجمہ:۔جب حسد کرنے والے حسد کرنے لگیں۔

تو اُس وقت جادو اور جنات کا سہارا لیا جاتا ہے آخر دو سورۃ مبارکہ یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کی تفسیر اور ترجمہ میں نہیں جانا چاہتا کیونکہ جن لوگوں نے یہ دونوں سورتیں مبارکہ پڑھی ہیں وہ میری بات کو خوب سمجھ گئے ہونگے آپ اگر ان دونوں سورہ مبارکہ کا ترجمہ اور تفسیر لازمی پڑھیں کہ میری بات مکمل طور پر آپ کو سمجھ آجائے۔

سبزیوں کی افادیت

مولی
چقندر

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

قارئین تحفہ روحانیات پچھلے ماہ آپ کو گاجر کی افادیت کے بارے میں بتایا تھا جسے قارئین نے بے انتہا پسند کیا۔ جس کی وجہ سے مجھے مزید حوصلہ ملا اور اس ماہ میں مولی اور چقندر کے مکمل فوائد کے ساتھ حاضر ہوا ہوں۔ اُمید کرتا ہوں پہلے کی طرح قارئین آئندہ بھی میری حوصلہ افزائی فرمات رہیں گے۔

مولی ایسی سبزی ہے جس کا شمار برصغیر میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی سبزیوں میں کیا جاتا ہے۔ اس سبزی کا تعلق ان سبزیوں سے ہے جن کی جڑیں استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ ایسی سبزی ہے۔ جس کی صرف جڑ ہوتی ہے۔ تنا یا شاخیں نہیں ہوتی۔ اس کے سبز سبز پتے براہ راست اس کی جڑ سے پھوٹتے ہیں اس کی جڑ بیلن نما سرخ یا سفید رنگ کی ہوتی ہیں۔ کئی جڑیں مخروطی بھی ہوتی ہیں اس کی جڑ قدرے گھردری، گداز اور رس سے بھری ہوئی ہوتی ہے۔ جس کی لمبائی 15 سے 20 سینٹی میٹر اور موٹائی تقریباً 4 سے 7 سینٹی میٹر تک ہوتی ہے۔ مولی کھانے سے بھوک بڑھتی ہے۔ خون کی گردش کو فعال بناتی ہے۔ مولی کی کئی اقسام ہوتی ہیں جن کے سائز اور رنگ بھی مختلف ہوتے ہیں۔ مگر سرخ یا سفید رنگ کی مولی زیادہ پسند کی جاتی ہے۔ مولی اپنے اُگنے کے ابتدائی دور میں نرم و نازک ہوتی ہے۔ جوں جوں پکتی جاتی ہے۔ اس میں سختی پیدا ہوتی جاتی ہے۔ مولی کا اصلی وطن مغربی ایشیا خیال کیا جاتا ہے۔ جبکہ اسے قدیم، مصر، یونان اور روم میں بھی کاشت کیا جاتا ہے۔ برصغیر، پاک و ہند میں بھی مولی کی کاشت وسیع رقبہ پر کی جاتی ہے۔ مولی کے پتوں کی نسبت اس کی جڑ زیادہ استعمال کی جاتی ہے۔ یہ نہ سمجھا جائے کہ مولی کے پتے کسی کام نہیں آتے۔ اس کے پتوں کو پکا کر سالن کے طور پر کھایا جاتا ہے۔ سلاد میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مولی کی جڑ کی نسبت اس کے پتوں میں کیلشیم، پروٹین، فاسفورس اور وٹامن سی زیادہ پایا جاتا ہے۔ مولی کا فائدہ تبھی حاصل ہوتا ہے۔ جب اس کو کچا استعمال کیا جائے اگر مولی کو آگ پر پکایا جائے تو اس کے سارے حیاتینی اجزاء ضائع ہو جاتے ہیں خصوصاً ایسے اجزاء جو سکروی دور کرتے ہیں۔

مولی کی غذائی صلاحیت:۔ مولی کی 100 گرام، آئرن 0.4 ملی گرام، وٹامن سی 15 ملی گرام کے علاوہ وٹامن بی کمپلیکس کی کچھ مقدار ہوتی ہے۔ مولی کی 100 گرام جڑ کی غذائی صلاحیت 17 کیلوریز ہوتی ہے۔ مولی کے پتوں میں رطوبت 90.8 فیصد، پروٹین 3.8 فیصد، معدنی اجزاء 1.6 فیصد، چکنائی 0.4 فیصد، ریشے 1.0 فیصد اور کاربوہائیڈریٹس 2.4 فیصد تک پائے جاتے ہیں اور اس کے معدنی اور حیاتینی اجزاء میں کیلشیم 265 ملی گرام، فاسفورس 59 ملی گرام، آئرن 3.6 ملی گرام، وٹامن سی 81 ملی گرام اور کچھ مقدار میں وٹامن بی کمپلیکس ہوتی ہے جبکہ مولی کے 100 گرام پتوں کی غذائی صلاحیت 29 کیلوریز ہوتی ہے۔

مولی کے شفابخش اجزا اور قدرتی فائدے:۔ مولی ایسی سبزی ہے۔ جس کے پتے پیشاب آور دافع سکروی اور مسہل ہوتے ہیں۔ اسکی جڑ بھی سکروی کے مرض سے محفوظ رکھنے کے ساتھ ساتھ اس کا علاج بھی کرتی ہے۔ جبکہ مولی کے بیج بلغم باہر نکلتے ہیں۔ تبخیر کی بے چینی کی حالت میں سکون پہنچاتے ہیں۔ اس کے علاوہ پیشاب آور خاصیت بھی رکھتے ہیں۔ اس کے بیج مسہل اور محرک بھی ہوتے ہے مولی کی تازہ جڑ کا جوس روزانہ صبح و شام بقدر 60 تا 90 ملی لیڑ پیتے رہنے سے بواسیر سے نجات مل جاتی ہے۔ رحم کی شدید درد کی حالت میں، پیشاب تکلیف سے آنے کی صورت میں مولی کا جوس بہترین علاج بالغذا ہے۔ تکلیف کی شدت کے مطابق 60 سے 90 ملی لیٹر تک مولی کا جوس پینے سے تکلیف میں افاقہ ہو جاتا ہے۔ حسب ضرورت اسے دن میں تین بار سے زیادہ مرتبہ بھی پیا جاسکتا ہے۔ مولی کے پتوں کا رس بقدر ایک کپ روزانہ پندرہ دن تک پینے سے مثانے کی پتھری تحلیل ہو جاتی ہے اور سوزش ختم ہو جاتی ہے۔ مولی کے بیج کوٹ کر سرکہ ڈال کر پیسٹ بنالی جائے اور پھلبہری کے سفید داغوں پر لگایا جائے تو داغ ختم ہو جائیں گے۔ 35 گرام بیج کوٹ کر سفوف بنالیں پھر اس میں سرکہ ملا لیں۔ لیجئے پیسٹ تیار ہے۔ مولی کا زیادہ جوس ایک چمچ، شہد ایک چمچ، نمک تھوڑا سا ملا کر استعمال کرنے سے کالی کھانسی، گلا بیٹھنا، برونکائیٹس کے علاوہ سینے کے دیگر امراض دور ہو جاتے ہیں یہ دو دن میں تین بار استعمال کرنی چاہئے۔

مولی کی سبز پتوں کا جوس یرقان کا شافی علاج ہے۔ پتوں کا جوس نکالنا کوئی مشکل نہیں ہے۔ پہلے برتنوں کو دھو کر صاف کر لیں پھر کچل لیں۔ کچلے ہوئے پتے کسی کپڑے میں باندھ کر نچوڑنے سے جوس نکل آتا ہے۔ اگر چاہیں تو ذائقہ بہتر بنانے کے لئے اس جوس میں چینی بھی شامل کی جاسکتی ہے۔ روزانہ آدھا لٹر جوس ایک بالغ مرد کے لئے کافی ہے۔ اس کے استعمال سے بھوک بڑھتی ہے۔ صفرا خارج ہوتا ہے اور مرض بھی رفتہ رفتہ ناپید ہو جاتا ہے۔ مولی کے پتوں میں مصفی پودے پائے جاتے ہیں اور مولی کے بیجوں ایملشن (پانی کے ساتھ بنانے کے بعد) چہرے پر ملنے سے کالے تک اور چھائیاں ختم ہو جاتی ہے چہرے کی رنگت نکھر آتی ہے۔ پیٹ کے کیڑے خاص طور پر رنگ ورم کی ہلاکت کیلئے مولی کے پتوں کا استعمال آزمودہ علاج ہے۔

چقندر (Radish)

چقندر ایسی سبزی ہے جو تمام جڑ دار سبزیوں سے زیادہ رنگدار ہوتی ہے۔ چقندر کا رنگ سرخ ہوتا ہے۔ اس کا تعلق ان سبزیوں سے ہے جن کی جڑیں بطور غذا

استعمال کی جاتی ہیں ۔ چقندر کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ جن کا فرق ان کی شکل و صورت کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یعنی کسی کی جڑ گول ہوتی ہے۔ کسی کی لمبی، کسی چقندر کی جڑ چپٹی ہوتی اور کوئی قسم بیضوی جڑ والی ہوتی ہے۔ ایک قسم ایسی بھی ہے جس کی جڑ لمبی مکمل مولی کی طرح کی ہوتی ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں چقندر کی دو اقسام کی کاشت کی جاتی ہے۔ ان میں سے ایک کی جڑ گول (شلغم کی طرح) اور دوسری کی جڑ بیضوی ہوتی ہے۔ ان دونوں اقسام کی رنگت سرخ عنابی ہوتی ہے۔ چقندر کا آبائی وطن سے متعلق ماہرین کا خیال ہے کہ مغربی ایشیا اور یورپ کا بحر روم کا علاقہ ہے۔ یہ گزشتہ دو ہزار سالوں سے بطور سبزی استعمال ہوتا آرہا ہے۔ چقندر کی کاشت قدیم یونانی اور رومن بھی کرتے تھے موجودہ دور میں اسے ملائیشیا، فلپائن، وسطی مشرقی اور مغربی افریقہ کے علاوہ انڈونیشیا میں بھی کاشت کیا جاتا ہے۔

چقندر کی غذائی صلاحیت:۔ چقندر ایسا بہترین غذائی ٹانک ہے جس میں پائے جانے والے کاربوہائیڈریٹس شوگر کی صورت میں ہوتے ہیں۔ اس میں چکنائی اور پروٹین کی مقدار نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ چقندر کا زیادہ استعمال سلاد کے طور پر کیا جاتا ہے۔ اس سے اچار، چٹنیاں بھی تیار کی جاتی ہیں۔ اسے استعمال کرنے کے لئے آلو کو طرح بھون لیا جاتا ہے۔ یا ابال لیتے ہیں۔ پکانے سے پہلے اسے اچھی طرح پانی سے دھو لینا چاہئے اور پھر بھی چاقو سے اس کا بیرونی چھلکا اتار دینا چاہئے۔ اس کے پتے بھی بہت کم پانی میں بہت کم وقت تک پکانا زیادہ بہتر ہوتا ہے۔ چقندر جس قدر تازہ ہوگا اسی قدر اس کا ذائقہ اچھا ہوگا اور پکانے میں بہت کم وقت لگے گا۔ چقندر کے 100 گرام خوردنی حصہ میں رطوبت 87.0 فیصد، چکنائی 0.8 فیصد، ریشے 9.0 فیصد، پروٹین 0.8 فیصد، معدنی اجزء 0.9 فیصد اور کاربو ہائیڈریٹس 8.8 فیصد پائے جاتے ہیں جبکہ 100 گرام چقندر میں معدنی اجزاء اور حیاتینی اجزاء کی مقدار حسب ذیل ہے۔ فاسفورس 55 ملی گرام، وٹامن سی 10 ملی گرام، کیلشیم 18 ملی گرام، آئرن 1.0 ملی گرام اور وٹامن اے اور بھی خاصی مقدار میں پائی جاتی ہے۔ چقندر کا جوس قدرتی شکر کا بہت اچھا ذریعہ ہے۔ نیز اس کا جوس دیگر تمام سبزیوں کے جوسوں سے کہیں زیادہ عمدہ اور بہتر خیال کیا جاتا ہے۔ چقندر کے جوس میں پوٹاشیم، سلفر، فاسفورس، کلورین، سوڈیم، آئرن کیلشیم، تانبا، وٹامن بی 1، وٹامن بی 2، وٹامن سی اور بی پائی جاتی ہے۔ اس کے جوس میں موجود کاربوہائیڈریٹس بہت جلد ہضم ہو جاتے ہیں۔

چقندر کی افادیت اور طبی استعمال

:۔ چقندر ان سبزیوں میں سے ایک سبزی ہے جس میں قدرت نے زبردست طبی فائدے یکجا بھر دیئے ہیں۔ اس کے ہر حصے یعنی جڑ اور پتوں کے جدا جدا فائدے ہیں۔ اس میں ایسے الکائن رکھنے والے عناصر جیسے کیلشیم، آئرن، پوٹاشیم اور میگنیشیم پائے جاتے ہیں۔ جن کا کام جسم میں پیدا ہو جانے والی تیزابیت کا مقابلہ کرنا ہے اور یہ عناصر انسانی بدن سے فاسد مادوں کے اخراج میں معاونت کرتے ہیں چقندر میں پائے جانے والے اجزاء گردوں اور پتے کو صاف کرتے رہتے ہیں چقندر کا تھوڑا سا جوس لے کر اس میں سرکہ شامل کر کے سر پر لگاتے رہنے سے سر کی خشکی سکری کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ چقندر کا پانی ادرک کے ٹکڑے پتے کی صفائی ہوتی ہے۔ نیز گردوں اور پتے سے تعلق رکھنے والی جملہ امراض کے لئے چقندر بہت فائدہ مند ہے۔ چقندر کے خلوی مادوں کی یہ خاصیت ہے کہ وہ انتڑیوں میں تحریک پیدا کر کے پاخانے کے اخراج کو آسان بناتے ہیں اگر چقندر کا استعمال باقاعدگی سے جاری رکھا جائے تو انسان قبض سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ چقندر کا جوشاندہ مزمن قبض کا بہترین علاج ہے اس کے استعمال کرنے سے بواسیر کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے روزانہ رات کو جوشاندے کا ایک گلاس پینا مفید رہتا ہے۔ چقندر کا جوس جسم انسانی میں جمع شدہ غیر نامیاتی کیلشیم کو تحلیل کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ اسی لئے بلند، فشار خون، دل کی تکلیف اور والو کی ناقص کارکردگی کے باعث پھولی ہوئی وریدوں کے علاوہ شریانوں کی بندش کر بہترین علاج ہے۔ چقندر کے پتے اگر پتوں والی سبزیوں کی طرح پکا کر بطور غذا اور دوا کھائے جائیں اور چقندر کے جوس میں لیموں کا رس ملا کر پینے سے معدے کے السر اور یرقان کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ چقندر کا جوس صفرا کی وجہ سے ہونے والی متلی اور قے کے ساتھ ساتھ یرقان، ہیپاٹائیٹس، پیچش اور اسہال کے عارضوں میں بہت ہی مفید ہے۔ اس جوس کی طبی افادیت کو بڑھانے کیلئے اس میں ایک چمچہ لیموں کا رس بھی ملایا جا سکتا ہے۔ معدے کے السر کو مندمل کرنے کے لئے چقندر کے جوس میں شہد ملا کر استعمال کرنا مفید ثابت ہوتا ہے۔ جس پانی میں چقندر کو پتوں سمیت، ابالا گیا ہو وہ پانی پھوڑے، پھنسیوں، جلد کی سوزش اور کیل مہاسوں پر لگانا شفا بخش رہتا ہے۔ اگر چقندر سفید رنگ کا ہو تو زیادہ مفید اور موثر رہتا ہے۔ چقندر کا پانی تین حصے اور سفید سرکہ ایک حصہ ملا کر خارش زرد جلد پر لگانے سے خارش دور ہو جاتی ہے۔ خسرہ اور بخار کی وجہ سے پھٹ جانے والی جلد میں اس پانی کے لگانے سے درست ہو جاتی ہے۔ سرخ چقندر کا انسانی خون اور خون بنانے کی صلاحیت سے گہرا تعلق ہے۔ چقندر میں آئرن کی وافر مقدار انسانی خون کے سرخ ذرات کو از سر تخلیق کرنے کے ساتھ ساتھ خون میں موجود ذرات کو متحرک کرتی ہے۔ جسم انسانی کو تازہ آکسیجن مہیا کرتی ہے۔ سانس لینے کے عمل کو باقاعدہ اور معمول پر لاتی ہے۔ انیمیا (خون کی کمی) کا عمدہ علاج ہے۔ جرمن ماہرین کا کہنا ہے کہ سرخ چقندر کا جوس جسم کی قوت مدافعت کا طاقت پہنچاتا ہے۔ انیمیا کا بہت کامیاب علاج ثابت ہوا ہے ایسے نوخیز لڑکے اور لڑکیاں جن کے علاج میں دوسرے تمام حربے ناکام رہتے ہوں، وہاں چقندر موثر اور کامیاب رہتا ہے۔

طب شفاء

تحریر
حکیم نعیم الحسن
(لاہور)

قارئین کرام السلام علیکم! اس بار آپ دوستوں کیلئے حکمت کے موتی لے کر حاضر ہوا ہوں جو کہ 100 فیصد جڑی بوٹیوں کا مرکب ہے جو آسانی سے پنسار سٹور سے حاصل ہو جاتے ہیں کم خرچ، فوائد بے شمار۔ بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

الشفاء جگرین اکبر ٹانک

ھوالشافی۔ تخم کاسنی 10 گرام، ہلدی 20 گرام، مجیٹھ 30 گرام، تخم مکو 20 گرام، افسنین 30 گرام، تر پھلہ 75 گرام، تمام ادویات کا سفوف بنا لیں اور محفوظ کر لیں۔ خوراک ترکیب استعمال 2 گرام سفوف ہمراہ عرق مکو، کاسنی نصف کپ صبح وشام بعد غذا۔

فوائد: ہیپاٹائٹس بی اور سی کے لئے ہے اور دیگر امراض جگر کا شافی علاج ہے۔

(نوٹ) عرق مکو + کاسنی + برنجاسف + تر پھلہ استعمال کروانا سونے پر سہاگہ ہے۔

الشفاء مقوی معدہ اکسیر

ھوالشافی: زنجبیل 20 گرام، فلفل سیاہ 20 گرام، نمک سیندھا 20 گرام، فلفل واز 30 گرام، گندھک آملہ لسار مصفی 50 گرام تمام ادویات کو باریک پیس کر دس یوم عرق لیموں ملا کر کھرل کریں پھر چنے برابر گولیاں یا کیپسول بھریں۔

خوراک ترکیب استعمال: 1+1 گولی صبح وشام روزانہ 5 یوم غذا کے بعد پانی سے لیں۔ فوائد:۔ پیٹ درد، اپھارہ شکم، کمی اشتہاء، بدہضمی، قے، جی متلانا، اسہال معدی وکبدی پیچش، کھٹی ڈکار۔ یہی دوا الشفاء اکسیر معدہ کے نام سے مطب پر دستیاب ہے، منگوا کر استعمال کریں۔ مفید دوا ہے

اکسیر الشفاء رنجیل

(ضعف ہضم وریاح کے لئے عمدہ اور فواق (ہچکی) کیلئے مفید ہے۔

ھوالشافی۔ تخم کرفس۔ انیسوں۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ سونٹھ سرخ۔ مصطگی رومی اصل ہر ایک 5+5 گرام لے کر تمام ادویات کا باریک پیس کر سفوف بنا لیں اور محفوظ کر لیں۔

خوراک ترکیب استعمال:۔ ساڑھے چار گرام سے 4 گرام ہمراہ عرق بادیاں سے دہی مفید دوا ہے۔

الشفاء اکسیر البدن

ھوالشافی اس وقت تک اکسیر البدن کے بیسیوں نسخے بانگ دہل پیش کئے جا چکے ہیں۔ تجربہ نے ثابت کر دیا کہ ہنوز روز اوّل است آج اکسیر البدن کا ایک ایسا نسخہ حوالہ قلم کیا جا رہا ہے جو صحیح معنوں میں بدن کو اکسیر بنا کر از سر نو روح زندگی پھونک دیتا ہے۔ سم الفار سفید ایک گرام فلفل گرد 5 گرام دونوں اجزاء کو پانچ گھنٹے تک کھرل کریں۔ معدہ کشتہ فولاد 2 گرام، کشتہ شنگرف اشرف دواخانہ 2 گرام، ورق نقرہ 2 گرام، ورق طلا 2 گرام، مروارید ناسفتہ 2 گرام، یاقوت سرخ، دور سبز 2 گرام عنبر اشہب 2 گرام، زعفران اصلی 2 گرام، کستوری اصلی 2 گرام، افیون 2 گرام، تمام ادویات کو عرق گلاب میں کھرل کر کے گولیاں بنا لیں۔

خوراک ترکیب استعمال:۔ ایک گولی ہمراہ دودھ اور موسم گرما میں ایک گولی شربت صندل کے ہمراہ استعمال کریں۔

منہ کے چھالوں کیلئے

ادرک ایک چھٹانک، سونف ایک چھٹانک، سبز الائچی ایک چھٹانک، سنگر مصری آدھا پاؤ، ان سب کو کوٹ کر ملائیں اور سفوف تیار کر کے دو چمچ صبح دو چمچ شام کھانے کے بعد ہمراہ پانی استعمال کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

خاتمہ گلے کی بیماریاں

آم کی چھال خناق اور گلے کی دیگر بیماریوں کے علاج کیلئے۔ اس کا سیال بیرونی مالش اور غراروں کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے غرارے کرنے کیلئے بنایا جانے والا مشروب 125 ملی لٹر چھال کو ابال کر بنایا جائیگا۔

شاہین نیوز ایجنسی، نمک میانی تحصیل بھیرہ 0344-748351 ادارہ روحانیات

حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) سرمایہ کاری کرنا بہتر رہے گا کاروباری پوزیشن مستحکم کرسکیں گے شریک کار کا تعاون بھی حاصل رہے گا لین دین میں احتیاط برتیں ورنہ پریشانی کا سامنا اور ذہنی دباؤ کے بڑھنے کا اندیشہ ہے گھریلو معاملات توجہ طلب ہونگے بزرگوں کی قیمتی آراء سے مستفید ہوسکیں گے۔ ان ایام میں اپنے کاروبار کو وسعت دے سکتے ہیں۔ سیر و تفریحی کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔

(9 تا 16) اس ماہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ 10 مارچ کو برج تبدیل کرتے ہوئے برج حمل سے برج ثور میں داخل ہوگا۔ جہاں پر اس کا قیام 21 اپریل تک رہیگا یہ برج مریخ کے لیے نحس ہے۔ مفاد پرست عورتوں سے ہوشیار رہیں ان ایام میں کسی عورت سے بدنامی کا خدشہ ہے۔ اپنے برج کے مطابق ان ایام میں اپنا صدقہ لازمی دینے کا اہتمام کریں۔ صدقہ سے متعلق تفصیلاً دیگر اہم معلومات مزمل روحانی جنتری 2017ء کے صفحہ نمبر 77 کا مطالعہ کریں۔ بزرگوں سے اپنے حق میں خصوصی دعا کروائیں۔ تیز دھار آلات سے محفوظ رہیں۔

(17 تا 25) چند الجھے ہوئے معاملات میں مددگار اور معاون ثابت ہوگا۔ اپنے جملہ اہم معاملات میں حوصلہ افزائی نتائج حاصل کرنے کیلئے انہی اوقات میں انجام دیں۔ دور دراز سے کوئی خوشی کی خبر سن سکیں گے۔ خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پائے گی اور کاروباری حضرات کو نفع حاصل ہوگا۔ ان ایام میں اپنے زیادہ بولنے کی عادت پر مکمل طور کنٹرول کریں کیونکہ آپ اپنی اسی عادت کی وجہ سے اپنے راز دوسروں کو بتا دیتے ہو جس کی وجہ سے آپ کو بعد میں پچھتاوے کے علاوہ کچھ نہیں ملتا۔

(26 تا 31) شریک حیات کے صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ ان ایام میں گھریلو مصروفیات بڑھیں گی اپنے منصوبوں پر کامیابی سے عمل کرسکیں گے۔ ناگہانی حالات کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ رومانوی ماحول میسر آئے گا کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی ذہنی دباؤ اور افشائے راز کا خدشہ ہے۔ ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) گزشتہ ماہ کی نسبت اس ماہ آپ کو نہایت احتیاط کرنا ہوگی کیونکہ سیارہ زہرہ جس کے زیر اثر آپ کے تمام امور انجام پاتے ہیں 04 مارچ سے برج حمل میں رجعت پذیر ہو رہا ہے۔ یعنی اس کی طاقت ختم ہو جائیگی اس دوران محبوب سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب رہیگا۔ خصوصاً وہ افراد جن کا کاروبار لیڈیز سے متعلق مثلاً جیولری، کاسمیٹکس، بوتیک یا اس طرح کے دوسرے شعبے ہیں وہ افراد ان ایام میں اپنے برج کے مطابق ان ایام میں اپنا صدقہ لازمی دینے کا اہتمام کریں۔ صدقہ سے متعلق تفصیلاً دیگر اہم معلومات مزمل روحانی جنتری 2017ء کے صفحہ نمبر 77 کا مطالعہ کریں۔

(9 تا 16) ان ایام میں اپنے تمام ملنے والوں سے اپنے کاروبار کو مزید ترقی دینے کیلئے تجاویز لیں لیکن حد سے زیادہ تجاویز نقصان دہ رہے گا۔ زمین و جائیداد کے مسائل بھی حل ہونگے۔ مشترکہ مفادات کے پروگراموں میں حصہ لینا فائدہ مند ثابت ہوگا لیکن شریک کار سے معاملات طے کرتے وقت محتاط روی کو ملحوظ رکھیں۔ ماتحت حضرات اور حکام بالا کا تعاون شامل حال رہے گا۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت اس برج سے متعلقہ افراد کی منگنی یا شادی ممکن ہے۔ محبوب سے ملاقات کا اچھا موقع ہے۔ بگڑے معاملات بہتری کی جانب رُخ اختیار کر لیں گے۔ مقدمہ اور پنچایتی فیصلوں میں کامیابی ہوگی۔ گھریلو ماحول خوشگوار بنائیں اگر ہوسکے تو شہر سے باہر کسی تفریحی مقام پر اپنے اہل خانہ کے ساتھ جاسکتے ہیں۔ کسی قریبی عزیز کی تیمارداری کا موقع ملے گا۔

(26 تا 31) اس ماہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ شمس سے نظر قران قائم کر رہا ہے اس کے مالی امور بہتر ہونگے کاروباری حضرات فائدہ اُٹھا سکیں گے وہ افراد جن کا شوبز سے یا عوام سے تعلق ہے مثلاً ڈاکٹر، وکیل یا دوکاندار حضرات اس ہفتہ اپنی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ کرسکیں گے لیکن جیسا کہ پہلے بھی کہہ چکے ہیں کہ اس وقت میں جتنا ہوسکے اخراجات پر کنٹرول کریں۔

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

(یکم تا 8) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 02 تا 08 مارچ ظاہر ہونگے یہ نظر فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔ آپ انعامی اسکیموں میں حصہ لیں یا نئے کاروبار کا آغاز کرنا چاہئیں تو کامیابی ملے گی۔ گھریلو ماحول میں تبدیل آسکتی ہے۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے بیرون ملک سفر پیش آسکتا ہے مگر بہت احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ آپ کے برج کا حاکم اس ہفتہ نظر ہبوط سے بھی گزر رہا ہے ہر صورت احتیاط کرنا ہوگی۔ اپنے برج کے مطابق ان ایام میں اپنا صدقہ لازمی دینے کا اہتمام کریں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ کسی قریبی عزیز کی جدائی کا اندیشہ ہے مایوس کن حالات سے نکل آئیں صاحب اولاد کو اولاد کی جانب سے دکھ اور پریشانی کا سامنا ہو سکتا ہے ناکام محبت جیسے حالات سے گزرنا ہوگا محبوب بے وفائی کر جائے تو اس کا دکھ اور رنج نہ کریں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ زہرہ قران عطارد کی نظر قائم ہو رہی ہے۔ آپ معمولی سی کوشش کے بعد اچھی اور معقول کامیابی حاصل کریں گے آپ روپے پیسے کے معاملات میں جو خصوصاً متبادل ہوتے ہیں۔ کافی خوش قسمت ہیں لیکن آپ کو اپنا نفع کسی مہربانی سے نظر انداز نہیں کر دینا چاہئے۔ تحریری معاہدے بہتر طور سے انجام پا سکیں گے مقدمہ میں کامیابی ہو سکتی ہے۔ دیرینہ مسائل حل ہونگے۔ اپنی فعال طبیعت کو کامیابی کیلئے استعمال کریں۔

(26 تا 31) ان ایام میں خاص سعد نظر عطارد تثلیث زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 25 تا 30 اپنے برج کے مطابق ان ایام میں اپنا صدقہ لازمی دینے کا اہتمام کریں۔ صدقہ سے متعلق تفصیلاً دیگر اہم معلومات مزمل روحانی جنتری 2017ء کے صفحہ نمبر 77 کا مطالعہ کریں۔ اپنے بزرگوں سے اپنے حق میں دعائے خیر کروائیں۔ ان ایام میں عدالتی امور کو انجام دینے کے لئے بہتر ثابت ہوگی۔ عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر بنائیں۔ کاروباری ترقی حاصل کر سکتے ہیں بیرون ملک سفر میں رکاوٹیں ختم ہو سکتی ہیں۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

سرطان

(یکم تا 8) اس ہفتہ آپکے برج کا حاکم سیارہ قمر شرف کی حالت سے گزر رہا ہے۔ اس ہفتہ غیر شادی شدہ افراد اس ماہ اپنے محبوب سے اظہار محبت کر سکتے ہیں۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول میں رکھیں اشیاء تعشیات میں اپنی پیسہ کا اصراف نہ کریں اور کسی برے وقت کیلئے بچا کر رکھ لیں۔ کاروبار میں ترقی کے مواقع ہاتھ آئینگے۔ یاد رکھیں کہ آپ کے حاکم سیارے کو ہر ماہ شرف لگتا ہے جس کی وجہ سے حالات میں اتار چڑھاؤ تیزی سے رہتا ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ میں قمر درعقرب ہے جس کی وجہ سے پورا ہفتہ مالی فائدہ نہ ہوگا۔ 15 تا 18 مارچ شریک حیات سے اختلافات پیدا ہو سکتا ہے۔ عمر رسیدہ خواتین آپ کی بدنامی کا باعث بن سکتی ہے۔ آپ پر بلاوجہ الزامات لگائے جا سکتے ہیں۔ اپنے برج کے مطابق ان ایام میں اپنا صدقہ لازمی دینے کا اہتمام کریں۔ صدقہ سے متعلق تفصیلاً دیگر اہم معلومات مزمل روحانی جنتری 2017ء کے صفحہ نمبر 77 کا مطالعہ کریں۔ بزرگوں سے اپنے حق میں خصوصی دعا کروائیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں اگر کسی قانونی مسئلہ میں آپ الجھے ہوئے ہیں تو فی الحال اُس مسئلہ کو سکون سے گزرنے دیں کسی قسم کی اُس میں اپنی جانب سے ٹانگ نہ اڑائیں۔ 20 مارچ کے بعد حالات کچھ بہتر ہو سکتے ہیں لیکن اپنی چھوٹی کامیابی کو بڑی کامیابی نہ سمجھیں معلومات مکمل طور پر اکٹھی کریں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ اپنی خواہشات کی تکمیل کیلئے کی گئی کوششیں کامیاب ہونگی۔ ایسے خواتین حضرات جن کا شریک حیات سے کوئی جھگڑا یا ناراضگی چل رہی تھی۔ ان ایام میں اپنی اس ناراضگی کو صلح میں تبدیل کر سکتے ہیں اور اگر کسی کا محبوب ناراض ہو تو اسے بھی منانے کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہے گا۔ ان ایام میں شادی کیلئے مناسب جگہ رشتہ بھجوا سکتے ہیں۔ محبوب سے ملنے کیلئے یہ ایام بہتر ہیں۔ ان ایام میں شروع کیا گیا نیا کاروبار فائدہ مند ثابت ہوگا۔ ان ایام میں سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں جس کی وجہ سے آپکی صحت میں بہتری ہوگی۔

برج اسد 24 جولائی تا 22 اگست، سیارہ شمس
حروف۔ م۔ پتھر، ہیرا، لہسینا۔ مبارک دن، اتوار
مبارک رنگ، زرد۔ موافق دھات، سونا
لکی عدد 1 اسم اعظم، یا مُھَیمِنُ 115 بار۔ یا متکبرُ 108 بار
سعد تاریخیں 30,17,1
نحس تاریخ 28,14,6
لکی نمبرز 21,57,49,61

اسد

(یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد قران شمس کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان دنوں میں آپ افسران بالا یا والدین کے غضب و غصہ کو دور کر سکتے ہیں۔ بزرگوں سے خصوصی دعا کروائیں اعلیٰ عہدوں پر فائز افسران بالا سے فائدہ لیا جاسکتا ہے۔ انعامی اسکیموں سے فائدہ حاصل ہونے کی قوی اُمید ہے۔ ان ایام میں آپ اپنا نیا کاروبار شروع کر سکتے ہیں اگر ہو سکے تو بھلے پارٹنر شپ میں بھی کام شروع کر سکتے ہیں۔ وہ افراد جن کا عدالت میں اگر کوئی مقدمہ چل رہا ہو تو ان ایام میں کیا گیا فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔

(9 تا 16) ان ایام میں اگر آپ نے احتیاط نہ کی تو ذرا سی غلطی بڑا نقصان دے سکتی ہے۔ شریک حیات یا بیوی کی طبیعت ناساز ہو سکتی ہے ان دنوں آپ کی طبیعت میں انتہائی نرمی آسکتی ہے قابل اعتبار دوستوں سے اہم معاملات میں ان ایام میں مشورہ کیا جاسکتا ہے۔ سیاہ رنگ استعمال نہ کریں۔

(17 تا 25) سیارہ شمس جو کہ آپ کے برج کا حاکم ہے زہرہ سے نظر قران قائم کر رہا ہے اس ہفتہ محبوب سے ملاقات فائدہ مند رہیگی اپنے راز کی بات اور ملاقات کسی دوسرے کو نہ بتائیں مستقبل میں آپ کی حماقت بدنامی کا سبب بن سکتی ہے۔ شریک حیات کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وقت گزارنا خوشی کا سبب بنے گا۔ جتنا ہو سکے اپنے دوستوں کی بری صحبت سے دور رہیں کوشش کریں کہ زیادہ تر وقت اپنے کام اور نماز کو دیں۔ گھر میں بھی جتنا ہو سکے نیاز کا اہتمام کریں۔ کوئی ہے جس کی بری نظر آپ کے کاروبار پر ہے۔

(26 تا 31) ان ایام میں اگر بیرون ملک سفر کا ارادہ ہے تو ابھی ترک کر دیں ایک شخص آپ کی جانب صلح کا ہاتھ بڑھا رہا ہے۔ آپ بلاوجہ بات کو نہ بڑھائیں اور اس کی پیش کش کو قبول کر لیں بہتری اسی میں ہے۔ ایک دیرینہ بیماری ان دنوں آپ کی جان چھوڑ دے گی۔ اپنے معالج سے مشورہ کریں۔ صاف ستھری آب و ہوا کیلئے کسی پرکشش مقام پر سیر و تفریحی کی غرض سے جائیں انشاء اللہ طبیعت میں آہستہ آہستہ بہتری آئیگی۔

برج سنبلہ 24 اگست تا 23 ستمبر، سیارہ عطارد
حروف۔ غ، پ۔ پتھر، زمرد، فیروزہ۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، پیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا عزیزُ 41 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,9,3
نحس تاریخ 23,20,16
لکی نمبرز 96,75,82,46

سنبلہ

(یکم تا 8) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 02 تا 08 مارچ ظاہر ہونگے یہ نظر فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔ ان دنوں میں آپ افسران بالا یا والدین کے غضب و غصہ کو دور کر سکتے ہیں۔ بزرگوں سے خصوصی دعا کروائیں اعلیٰ عہدوں پر فائز افسران بالا سے فائدہ لیا جاسکتا ہے۔ ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جاسکتی ہے۔ ذہنی سوچ کو پختہ کریں۔

(9 تا 16) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر عطارد تربیع زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 10 تا 15 مارچ تک رہیں گے اس نظر کے تحت غیر ملکی سفر کے سلسلہ میں رکاوٹوں اور تاخیر کا حائل ہونا نظر آتا ہے۔ بہت احتیاط سے وقت گزرنا ہوگا۔ جادو کے اثرات تیزی سے اثر کر سکتے ہیں۔ ان اثرات سے بچنے کیلئے روحانی بزرگ سے ملاقات ضروری ہے تاکہ آنے والے خدشات کو دور کیا جاسکے۔ اپنے برج کے مطابق اپنا صدقہ دینے کا اہتمام الزمی کریں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ اگر آپ اپنی کوشش پھر بھروسہ کریں تو موجودہ مسائل آپ کے حق میں مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔ راز جاننا چاہتے ہیں تو جب تک مکمل چھان بین نہ کر لیں۔ اس وقت تک کسی کو مت بتائیں۔ ان ایام میں محبوب سے ملاقات اور تبادلہ خیال کیا جاسکتا ہے کیونکہ عطارد زہرہ قران نظر قائم ہو رہی ہے۔ یہ قران بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اظہار محبت کیلئے یہ خاص وقت ہے۔ عزیز و اقارب کو اپنے ہاتھ میں لینے کیلئے اس سے بہتر وقت نہ ملے گا۔

(26 تا 31) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تثلیث زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 25 تا 30 مارچ رہیں گے اس نظر کے تحت کسی بزرگ کی جانب سے کی گئی خاص دعا ان ایام میں نصیب کو بدل سکتی ہے۔ خود اپنا دھیان بھی عبادت اور ریاضت کی طرف بڑھ جائیگا۔ کسی وقت دل میں مایوسی حسرت و یاس کی کیفیت پیدا ہو سکتی ہے۔ غمگین ہو سکتے ہیں۔ آپ موجودہ ماحول میں تبدیلی چاہتے ہیں تو کوشش کر لینے میں کوئی حرج نہیں۔

ملک ٹریڈرز اینڈ جنرل اسپلائر، جنوبی گیٹ لاری اڈا میانوالی
ادارہ روحانیات

میزان

برج میزان 24 ستمبر تا 23 اکتوبر، سیارہ زہرہ
حروف۔ ر، ت، ط۔ پتھر، اوپل، سفید پکھراج۔ مبارک دن، جمعہ
